LEVEL 1

ترتیبِ جدید وتدوین

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

قرآنی عربی سیکھیے

مفتی ابولبابہ شاہ منصور

BLACK & WHITE

آسان اور تیز رفتار طریقے سے

ترتیب جدید و تدوین
مفتی ابولبابہ شاہ منصورؒ

ترتیب جدید و تدوین .... مفتی ابولبابہ شاہ منصور
طبع ششم .... شوال 1434ھ – 2013ء
بااہتمام .... سید محمد انظر شاہ
ناشر .... السعید: 0313-9264214
پرنٹرز .... العامر پرنٹنگ پریس: 0321-2382266

ناشر

کورس کی تربیت اور نصاب ملنے کے مراکز

جامعۃ الرشید، احسن آباد، کراچی	0322-2838867
مدرسۃ الانور، گلشن اقبال، کراچی	0321-2875616
دارالعلوم تعلیم وتربیت، حاصل پور	0300-7853003
جامعہ آس، رائے ونڈ روڈ، لاہور	0333-4660787
جامعہ قادریہ حنفیہ، ملتان	0300-6331327
جامعہ فاروقیہ، شجاع آباد	0321-7324265
جامعہ زیتون، گلشن الیاس، ایبٹ آباد	0333-5051880
معہد الفقیر الاسلامی، جھنگ	0313-9639387
دارالافتاء، ڈیرہ غازی خان	0300-7513351

مقدمہ

قرآن شریف کی بارگاہ میں

اس قرآنی نصاب (course) میں کیا کچھ ہے؟ یہ تو آپ کو حضرت شیخوپوری صاحب کے مضمون سے پتا چل جائے گا۔ میں یہاں صرف چند باتیں کہنا چاہتا ہوں:

1- بابرکت اور متبرک:

قرآن کریم عجیب بابرکت، متبرک اور سراپا برکت کتاب ہے۔ عاشقین کتاب اللہ نے اس کی طرح طرح سے خدمت کی ہے تاکہ اس کے ہر پہلو، ہر جہت، ہر نور اور ہر برکت سے امت مستفید ہو سکے۔ ''قرآنی عربی سیکھیے''، قرآن کریم کے سبق اور درس (یعنی مدارس میں سبق اور مساجد میں درس) کے حلقے قائم کرنے اور ''دراسات''، یا ''فہم دین کورس'' جیسے سلسلوں میں قرآنی تعلیمات پڑھائے جانے کے لیے پیش کی گئی ایک عاجزانہ کاوش ہے۔ اس کورس کو ایک مخصوص تعلیمی طریقہ کار کے تحت وضع کیا گیا ہے جسے جدید اصطلاح میں TPI (Totel physicle intruction) کہا جاتا ہے۔ اس طریق کار کو عالمی سطح پر زبان سکھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ بعض حضرات مثلاً دکتور عبدالرحیم صاحب (حیدرآباد دکن) اور جناب ارشد ملک صاحب (اسلام آباد) نے اسے قرآنِ کریم کے سیکھنے سکھانے کے لیے استعمال کیا۔ احقر نے بھی اس طریقے سے فائدہ اٹھایا اور مدارس میں پڑھائی جانے والی نحو و صرف اور ترجمہ و تفسیر، دونوں فنون کو اس طریقے کے مطابق آسان کرنے اور اس جدید طرزِ تدریس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے از اول تا آخر اسے مدارس کے طرز پر ڈھال کر قدیم و جدید دونوں قسم کے طرزِ تعلیم کو جمع کرنے کی سعی کی۔ اس دوران ان دونوں حضرات کے کام کے علاوہ متعدد دوسرے کورسز کو بھی سامنے رکھا۔ تصور سے لے کر تعمیر تک کے مراحل کے دوران اس نصاب کی ترتیب و تدوین میں، مثالوں کے استخراج اور اجرا و تطبیق میں، جو محنت ہوئی ہے، اس کا اندازہ کورس کے تین مراحل (levlels) اور معاون کتاب (vocabulary book) کو دیکھنے سے ہی ہو سکتا ہے۔ اس دوران ان عزیز طلبہ نے میرا ساتھ دیا جو تخصص فی الافتاء والفقہ 1432ھ میں شریک تھے، بالخصوص (حروف تہجی کی ترتیب سے) حامد شیر، خلیق احمد، رشید احمد، ضیاء اللہ اور عمیر کرامت۔ یہ عاجز دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان حضرات کو بہترین اجر عنایت فرمائیں اور ان سے دین کا خوب خوب کام لیں۔

2- یکساں کارآمد:

اس کورس کی تیاری کے ساتھ اسے تجرباتی تدریسی مرحلے سے بھی بار بار گزارا گیا۔ ناظرہ، حفظ، حفاظ، درجہ اولیٰ کے طلبہ، فضلائے کرام اور اسکول و کالج کے بچوں، کالج کے نوجوانوں غرض مختلف سطحوں پر اسے آزمایا گیا، ساتھ ہی فضلائے کرام، ائمہ مساجد اور مدرسین حضرات کو اسے پڑھانے کی تربیت بھی دی جاتی رہی۔ ان دونوں طرح کے تجربات کے دوران سامنے آنے والی تجاویز اور مشوروں کی روشنی میں اس کا سانچہ وڈھانچہ ایسا رکھا گیا کہ یہ سب کے لیے یکساں کارآمد ہو۔ آپ کو تعجب ہوگا کہ الحمدللہ ثم الحمدللہ ایسا ہی ہوا۔ یہ بیک وقت چار مختلف سطح کے مبتدیوں کے لیے کارآمد ہے۔ تعلیمی نفسیات کی رو سے اس کی دوسری وجہ تو ہے جو اگلے نمبر میں آرہی ہے۔ پہلی وجہ یہ رہی کہ یہ کورس دراصل ''صاف تختی'' یا ''مبتدی محض'' کے لیے تیار کیا گیا ہے، چاہے وہ بالغ ہو یا نابالغ، مدرسہ سے تعلق رکھتا ہو یا اسکول سے۔

قرآن شریف کی بارگاہ میں جو بھی خلوصِ نیت کے ساتھ حاضری دے، اللہ کی شان کہ قرآن کریم اسے محروم نہیں لوٹاتا۔ تجربہ شرط اور آزمائش تصدیق نامہ ہے۔ ان شاء اللہ!

3- تعلیمی نفسیات:

اس کورس کی تدوین اور تزئین میں ان تمام تعلیمی اصولوں کو مدنظر رکھا گیا ہے جو انسانی ذہن کو متوجہ کرتی اور اس میں کوئی چیز نقش کیے جانے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔ مثلاً کسی چیز کو ایک مرتبہ پڑھنے کے دوران چھ مرتبہ پڑھنا (اس کا مطلب شیخوپوری صاحب کے مضمون میں آ رہا ہے) تمام حواس اور پورے وجود کا استعمال، آسان تعبیرات اور صرف اور صرف قرآنی مثالیں، رنگوں، شکلوں اور ذہن میں بجلیاں چمکانے والے مختلف اور متنوع ذرائع کا بھرپور استعمال، فن شماریات سے استفادہ، ہر سبق کے شروع میں پچھلے سبق کا اعادہ اور ہر سبق کے آخر میں اس کا مختلف صورتوں میں اجراء، ہر سبق کے بعد خود تشخیصی جائزہ اور ہر مرحلے (levle) کے اختتام پر خود تشخیصی امتحان، وغیرہ وغیرہ۔

4- قواعد و ذخیرۂ الفاظ:

جیسا کہ کورس میں وضاحت کر دی گئی ہے۔ اس کے چار لیول ہیں۔ پہلے تین قواعد (صرف نحو: گرائمر) پر مشتمل ہیں۔ پہلے میں ابتدائی درجہ کی گرامر ہے، دوسرے میں متوسط درجے کی اور تیسرے میں نسبتاً اعلیٰ درجے کی۔ پہلے لیول کے اختتام پر نماز کا سبق اور دس سورتیں "تقطیعی ترجمہ" اور نظریہ ساز ہدایات کے ساتھ دی گئی ہیں۔ اگر کوئی پورا کورس نہ بھی پڑھے تو پہلا لیول اس انداز میں ترتیب دیا گیا ہے کہ کم از کم نماز کا سبق اور دس سورتیں تو بآسانی سمجھ لے اور زندگی بھر کے لیے تعلق مع اللہ کی کنجی ہاتھ آ جائے اور نماز میں مناجات کا لطف آنے لگے۔ آپ دیکھیں گے کہ پہلے لیول کے اختتام پر ان شاء اللہ تمام بچے اور نمازی از خود ان کا ترجمہ و مفہوم سمجھ رہے ہوں گے۔ بس تربیت اور ذہن سازی کا کام رہ جائے گا جو مدرسین اور ائمہ حضرات بخوبی کر سکتے ہیں۔

چوتھا لیول "الفاظ القرآن"، یعنی ذخیرۂ الفاظ (وکیبلری) پر مشتمل ہے۔ یہ درحقیقت ایک مستقل کتاب یا "قاموس القرآن" ہے۔ اس میں 98 فیصد کے لگ بھگ قرآنی الفاظ (اسماء، افعال، حروف) بھی ہیں اور قرآنی مثالوں کے ذریعے پہلے تین لیول میں پڑھے گئے قواعد کے بھرپور اجرا کا اہتمام بھی ہے۔ اس طرح ان شاء اللہ امید کی جا سکتی ہے کہ یہ کورس کافی شافی حد تک جامع ہو گیا ہے۔ اس حوالے سے قارئین کی آرا اور تجاویز کا انتظار رہے گا۔

5- یارانِ نکتہ داں کے لیے:

اس کورس کو دو سطحوں پر تو بہت اہتمام اور توجہ سے شروع کر دینا چاہیے۔ اگر پہلی سطح پر محنت کی گئی تو آئندہ کوئی یہ نہ کہے گا کہ مدارسِ عربیہ میں عربی یا ترجمۂ قرآن کا ذوق و شوق نہیں پایا جاتا۔

دوسری سطح پر لگ کر کام کیا گیا تو یہ شکوہ آپ نہیں سنیں گے کہ علمائے کرام عوام کی تربیت کے لیے وقت نہیں دیتے۔ یہ کام اسکالروں، اینکر پرسنوں پر چھوڑ رکھا ہے۔ پہلی سطح مکاتب و مدارس میں حفظ و ناظرہ اور متوسطہ والی کی ہے۔ درسِ نظامی سے پہلے متوسطہ میں یا درجہ اولیٰ میں یہ کورس پڑھوا دیا جائے تو آگے کی دینی تعلیم کی مضبوط بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔ بلکہ متوسطہ سے بھی پہلے حفظ و ناظرہ میں یہ کورس زیادہ بہتر نتائج کی امید کے ساتھ کروایا جاسکتا ہے۔ 20 سے 25 بچوں پر مشتمل ناظرہ کی جماعت کے لیے دو گھنٹے قاعدہ و ناظرہ بہت ہیں۔ اس کے بعد ایک گھنٹہ قواعد اور ایک گھنٹہ الفاظ پڑھائے جائیں تو ناظرے کی سطح کے بچوں کو سال بھر میں اس کے تین لیول اعادے اور اجرا کے ساتھ پورے کروائے جاسکتے ہیں۔ حفظ میں بیس منٹ یومیہ کافی ہیں۔ ایک بچہ دو سے تین سال تو حفظ و گردان کے لیے لیتا ہے۔ اس طرح بآسانی تینوں لیول اتنے ہی وقت میں مکمل کر سکتا ہے۔ پورے پاکستان میں کوئی شخص دیندار ہو یا دنیادار، اپنے بچوں کو قرآن شریف تو پڑھواتا ہی ہے، اگر اس دوران اسے قرآن کے مبارک الفاظ کے ساتھ متبرک معنی بھی پڑھا دیا جائے تو تصور کیا جاسکتا ہے کہ کیا کچھ فوائد و برکات حاصل ہو سکتے ہیں؟ یہ بچہ آگے چل کر زندگی کے جس شعبے میں جائے، لیکن وہ مسجد و مکتب کا تربیت یافتہ اور مولوی صاحب کا فیض یافتہ شاگردِ رشید ہوگا۔ فتنوں کی ہوائیں اس کے ایمان و نظریات کو بگاڑ سکیں گی، نہ گمراہیوں کی آندھیاں اس کے قدم ہلا سکیں گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

دوسری سطح مساجد میں قرآنی حلقے قائم کرنے اور اس میں قرآن کریم کے الفاظ کی تصحیح کے ساتھ معانی کی تفہیم کی ہے۔ مساجد میں اگر 20 منٹ یومیہ کی بنیاد پر اسے شروع کیا جائے اور چار مہینے میں ایک لیول مکمل کیا جائے تو بآسانی سال بھر میں قرآن کریم کا ترجمہ سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہوسکتی ہے۔ اس نصاب کو فہمِ دین کورس اور سمر کیمپ کا جز بھی بنایا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ رمضان المبارک کی چاندرات کو کورس کا تعارف کرایا جائے جو شروع میں دیا گیا ہے اور پہلی تراویح کے بعد ''بسم اللہ'' کر کے پہلا لیول شروع کر دیا جائے۔ اگلے سال 15 شعبان تک اللہ نے چاہا تو بآسانی تینوں لیول مکمل ہو سکتے ہیں۔ اس طرح ہر سال یک سالہ کورس جاری رکھا جائے۔ کچھ عرصے میں پورے محلے کا ماحول تبدیل ہوسکتا ہے۔ قرآن شریف کی آیت دہراتے وقت تجوید کی صحت اور ترجمہ سمجھاتے وقت دینی ذہن سازی کا بھی خیال رکھا جائے۔ اس طرح ''ایک پنتھ دو کاج'' ہو سکتے ہیں۔ صدا لگانا فقیروں کا کام ہے۔ بات کو سمجھ کر لینا یارانِ نکتہ داں کا فرض ہے۔

والسلام

شاہ منصور

یوم الترویۃ: ۱۴۳۲ھ

یادگار تقریب اور منفرد کورس

(مولانا محمد اسلم شیخوپوری صاحب)

ظہرانے کا وقت تھا جب یہ ناچیز بہادر آباد میں واقع گل بہار لان پہنچا۔ یہاں تقریباً پانچ سو علماء، ائمہ مساجد اور مدرسین جمع تھے۔ ان میں سے بعض اندرونِ سندھ سے آئے تھے اور بعض کا تعلق کراچی کی مختلف مساجد اور مدارس سے تھا۔ ان میں نوجوان بھی تھے اور سفید ریش بزرگ بھی۔ یہ سب سیکھنے کے لیے آئے تھے۔ انہیں بتایا جا رہا تھا کہ ناظرہ اور حفظ کے بچوں، بالغ نمازیوں اور اسکول کالج کے نوجوانوں کو کس طرح چند ہی ماہ میں قرآنی عربی سکھائی جاسکتی ہے؟ جس کے سیکھنے کے بعد وہ نماز کے اذکار، مسنون دُعاؤں اور قرآن کریم سمجھ کر پڑھنے کا ابتدائی مرحلہ طے کر سکتے ہیں۔ صرف لیکچر ہی نہیں دیا جا رہا تھا، بلکہ پانچ سال سے 12 سال کی عمر تک کے بچے ان کے سامنے پیش بھی کیے جا رہے تھے جو عربی گرامر کے بنیادی قواعد ازبر کر چکے تھے اور اب پورے قرآن سے امتحان دینے کے لیے تیار تھے۔

ان میں سے دو بچوں نے خاص طور پر اپنی مہارت سے پورے مجمعے کو حیرت زدہ کر دیا۔ ان بچوں کی عمر جو کہ آپس میں چچازاد بھائی تھے، بالترتیب پانچ اور چھ سال تھی اور یہ اپنی مادری زبان بلوچی کے علاوہ کوئی دوسری زبان نہیں سمجھتے تھے، مگر قرآن کریم کا کوئی بھی لفظ دیا جائے تو اس سے ماضی، مضارع، امر، نہی، اسم فاعل اور اسم مفعول کی گردانیں فرفر سنا سکتے تھے اور واحد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث کے صیغوں کی نشاندہی مخصوص اشاروں سے کرنے کی قدرت رکھتے تھے۔ بعض قارئین کے لیے ''اشاروں کے ذریعے صیغوں کی نشاندہی'' والا معاملہ بظاہر بڑا عجیب ہوگا، مگر جن حضرات نے اس کا عملی مظاہرہ دیکھا ہے وہ اس کی افادیت کے دل و جان سے قائل ہو چکے ہیں۔

اس کورس کو سیکھنے کے لیے چھ ذرائع استعمال کیے جاتے ہیں۔ یعنی بولنا، سننا، دیکھنا، سوچنا، اشارہ کرنا اور مل کر سیکھنا۔ ایک اشارہ پانچ باتوں کے لیے کافی ہو جاتا ہے۔ تعلیم و تدریس کے محققین بتاتے ہیں کہ کوئی بھی مضمون پڑھنے سے 25 فیصد، سننے سے 35 فیصد، دیکھنے سے 50 فیصد، سوچنے سے 60 فیصد، کرنے سے 75 فیصد اور مل کر کرنے سے 95 فیصد سبق یاد رہتا ہے جبکہ ہمارے ہاں یاد رہنے اور یاد کرنے کے سہل ترین طریقوں کو چھوڑ کر مشکل ترین طریقہ اختیار کیا جاتا ہے۔ یعنی ''رٹا''، جبکہ وہ دیرپا بھی نہیں ہوتا۔ کیوں نہ ہم فہمِ قرآن کے لیے ایسے آسان طریقوں کو رواج دیں جن پر عمل کرنے سے سال بھر کا کام مہینہ دو مہینہ میں ہو سکتا ہے۔ قرآنی عربی کا سیکھنا سکھانا تین وجہ سے آسان ہے۔

پہلی وجہ یہ ہے کہ قرآن کریم کے ہزاروں الفاظ کسی نہ کسی انداز میں اُردو میں پہلے سے استعمال ہوتے ہیں۔ معمولی توجہ سے ان کے معانی سمجھے جاسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر سورۂ فاتحہ میں حمد، اللہ،

رب، عالم، رحمٰن، رحیم، مالک، یوم، دین، عبادت، استعانت، ہدایت، صراطِ مستقیم، انعام، غضب اور ضلالت، یہ سب الفاظ اُردو میں مستعمل ہیں اور حقیقی اُردو بولنے والے حضرات ان کے معانی سے خوب واقف ہیں۔ علاوہ ازیں ہر مسلمان سبحان اللہ، ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، معاذ اللہ، لاحول ولاقوۃ الا باللہ، استغفر اللہ اور الحمد للہ جیسے مبارک کلمات شب و روز استعمال کرتا ہے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ ہم ہر روز پانچ بار اذان اور اقامت سنتے، شب و روز مسنون دُعائیں پڑھتے اور پانچ نمازوں میں ایک گھنٹہ اپنے خالق و مالک سے عربی میں گفتگو کرتے ہیں۔ یوں عربی بول چال اور اس کے بنیادی ڈھانچے کو سمجھنے کی مشق ہوتی رہتی ہے، جس کا کسی نئی زبان کے سیکھنے اور سمجھنے میں بہت بڑا رول ہوتا ہے۔

تیسری وجہ ایمانی اور روحانی ہے۔ کسی بھی حقیقی مسلمان کو جو محبت قرآن اور صاحبِ قرآن صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے ہوسکتی ہے، وہ دنیا کی کسی دوسری زبان سے نہیں ہوسکتی۔ پھر جب اللہ کا کلام سمجھنے کے لیے یہ زبان سیکھی جائے گی تو اللہ کی مدد اور خصوصی رحمت ضرور شامل حال ہوگی۔ اس کو متعارف کرانے والے حضرات مختلف اعداد و شمار کے ذریعے ہر طالب علم کو یہ باور کرانے کی کوشش کرتے ہیں کہ تھوڑی سی توجہ اور وقت دے کر وہ قرآن کریم کو سمجھنے کے قابل ہوسکتے ہیں، جو اس کے حقوق میں سے ایسا حق ہے، جس کا اپنی استعداد کے مطابق ادا کرنا، مسلمان پر لازم ہے۔ مثال کے طور پر وہ بتاتے ہیں کہ قرآن کریم کے کل الفاظ 78000 ہیں۔ مکررات حذف کرنے کے بعد اصل الفاظ 17000 رہ جاتے ہیں۔ گرامر کے چند آسان قواعد سیکھنے کے بعد 4500 الفاظ بچتے ہیں۔ ساڑھے چار ہزار کے قریب الفاظ سیکھ لینے کے بعد قرآن کریم کا ترجمہ سمجھنا آسان ہوجاتا ہے۔ آسان اور تیز رفتار طریقے سے عربی سکھانے والے اس کورس کا آغاز حیدر آباد دکن سے ہوا۔ اب تک یہ کورس مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سمیت دنیا کے کئی ملکوں اور شہروں میں پیش کیا جاچکا ہے اور کئی عالمی زبانوں میں اس کا ترجمہ ہوچکا ہے۔

انسان کی کاوش اور ایجاد کتنی ہی مفید اور جامع کیوں نہ ہو، اس میں کمی بیشی اور اصلاح کی گنجائش بہرحال ہوتی ہے۔ جامعۃ الرشید کے مایہ ناز استاد اور متعدد تخصصات کے موجد اور مجدد حضرت مفتی ابولبابہ صاحب نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ مل کر اس کو مفید سے مفید تر بنانے میں مہینہ بھر محنت کی اور اس میں ایسے اضافے کیے جن کی وجہ سے یہ کورس زیادہ جاندار بن جائے۔ مذکورہ تقریب اسی کورس کے تعارف کے سلسلے میں منعقد کی گئی تھی۔ یہ کورس اتنا آسان اور دلچسپ ہے کہ ناظرہ اور حفظ کے معصوم بچوں کو بھی بغیر کوئی اضافی بوجھ ڈالے پڑھایا جاسکتا ہے، جبکہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ مدارس میں ناظرہ کے جو کل وقتی بچے ہوتے ہیں، بسا اوقات وہ اپنا سارا دن ایک یا دو سطروں کو یاد کرنے میں لگا دیتے ہیں اور درجۂ حفظ کے بچے یکسانیت سے تنگ آکر بور ہونے لگتے ہیں۔ ان شاء اللہ یہ کورس نہ صرف ان کی بوریت دور کرے گا بلکہ ان میں نشاط پیدا کرکے ان کے وقت کو مزید کارآمد بنائے گا۔ ان بچوں میں ترجمۂ قرآن سمجھنے کی صلاحیت دیکھ کر ان نقادوں کے منہ بھی بند ہوجائیں گے، جو حفظِ قرآن پر طوطے کی طرح رٹا لگانے کی پھبتی کستے اور اسے معاذ اللہ وقت کا ضیاع قرار دیتے ہیں۔ مسجد کے عام نمازیوں کو بھی ترغیب دلا کر یہ کورس سیکھنے پر آمادہ کیا جاسکتا ہے۔ جب وہ یہ کورس پڑھ لیں تو پھر روزانہ کی بنیاد پر درسِ قرآن کا آغاز کردیا جائے جس کا انداز محض لیکچر اور تقریر کا نہ ہو بلکہ سبق کا اسلوب ہو، جس میں حاضرین کو ایک ایک لفظ کا معنیٰ بتایا جائے۔ یہ اسلوب ان کے

اندر ترجمۂ قرآن سمجھنے کی مہارت پیدا کرنے میں بڑا موئثر ہوگا۔

ماہِ مبارک میں معتکف حضرات کو آمادہ کیا جاسکتا ہے کہ وہ روزانہ ایک گھنٹہ اس کورس کے لیے مخصوص کردیں۔ دس دنوں میں دس گھنٹے دینا کچھ بھی مشکل نہیں۔ اگر معلم نے اخلاص اور محبت کو اپنا شعار بنایا تو یہ دس گھنٹے اس کے تلامذہ میں بھی ایسا شوق اور طلب پیدا کردیں گے کہ وہ دس گھنٹے تو کیا قرآن کے لیے دس سال وقف کرنے میں بھی خوشی محسوس کریں گے۔ گرمیوں کی تعطیلات میں کالج، یونیورسٹیوں کے طلبہ وطالبات کے سمر کیمپ میں اس کورس کا اجرا حیرت انگیز فوائد دے سکتا ہے، غرضیکہ اسے حالات کے مطابق مختلف طبقات کے لیے مختلف انداز میں متعارف کرایا جاسکتا ہے۔ یہ کورس سی ڈی کی صورت میں بھی ہے اور عنقریب کتابی شکل میں بھی منظر عام پر آنے والا ہے، جس کا اعلان اخبار میں کردیا جائے گا۔ حضرت مفتی صاحب کا ارادہ ہے کہ شعبان کے مہینے میں ان شاء اللہ یہ کورس لاہور، کوئٹہ، سیالکوٹ وغیرہ ملک کے دیگر شہروں میں بھی کروائیں گے۔ خواہش مند حضرات اس نمبر پر رابطہ کرسکتے ہیں: 0322-2838867 ,0301-3109989۔ علماء، خطبا اور مدرسین کو اس کی قدر کرنی چاہیے اور اپنی استطاعت کے مطابق اسے دنیا کے گوشے گوشے میں عام کرنا چاہیے، تاکہ قرآن کریم سے مسلمانوں کا ٹوٹا ہوا رشتہ دوبارہ بحال ہوجائے۔

تعارف کا تعارف

تمہید کی فہرست

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
قرآنی عربی ایک نظر میں	12	انسانی دماغ کی ساخت	26	سبق دہرانے کے چھ طریقے	31
کورس کی بنیادی خصوصیت	14	دماغ کی ورزش: گہری سانس	26	اجرا کا طریقہ	31
کورس کے مقاصد	16	انسان کو کتنا یاد رہتا ہے؟	27	اہم ترین	32
تعلمی نفسیات کے ماہرین کی ایک تحقیق	16	انسانی دماغ میں سیکھنے کی صلاحیت کا راز	27	چند ہدایات طلبہ کے لیے	32
حفظ القرآن کم سے کم وقت میں	16	ذہن میں بجلیاں کیسے چمکتی ہیں؟	28	قرآن شریف نازل کیے جانے کا مقصد	33
خوشخبری اور مبارکباد	17	سیکھنے کے 6 اہم طریقے	28	قرآن کریم سیکھنے کا مقصد	35
حافظ بچوں کے دو اہم مسائل	17	چند گذارشات اساتذہ کے لیے	28	قرآن کریم سیکھتے ہوئے احتیاط کی ضرورت	36
کورس کی منصوبہ بندی	17	کورس کی تدریس کے اصول	29	تفسیرِ قرآن میں گمراہی کے تین اسباب	36
تین اہم نکتے	20	تعلیم کے حوالے سے پانچ بنیادی اصول	29	قرآن شریف کا استاد کون؟	36
کورس کا بنیادی فلسفہ	22	لازمی پابندی کیجیے	29	قرآن کے نام پر گمراہی پھیلانے والا کون؟	37
اشاروں کا ثبوت قرآن وحدیث سے	22	ترجمہ یاد کروانے کی کامیاب تکنیک	29	یاد رکھنے کی دو باتیں	37
چار اہم نکاتِ تعلیم	24	سبق یاد کیسے رکھا جائے	31	ایک اہم وضاحت	38

لیول : I

قواعد القرآن (ابتدائی)

سبق	عنوان	صفحہ	سبق	عنوان	صفحہ
1	ضمائر منفصلہ	39	11	فعل مضارع	119
2	واحد، تثنیہ، جمع	45	12	فعل مضارع منفی	130
3	ضمائر متصلہ	52	13	فعلِ مضارع منفی خاص	153
4	چھ سمتیں ضمائر متصلہ کے ساتھ	58	14	فعلِ مجہول	153
5	مؤنث کی ضمیریں اور جمع	68	15	امرونہی	163
6	چند الفاظ ضمائرِ مؤنثہ کے سا	75	16	اسم فاعل، اسم مفعول	175
7	سات حروفِ جر	83	17	اسمائے اشارہ	185
8	چھ خاص حروف	89	18	اسمائے موصولہ	195
9	فعل ماضی	98	19	چار مشہور ابواب	197
10	فعلِ ماضی حرفِ نفی کے ساتھ	110	20	چار بنیادی ابواب کا اعاد	207

اس کتاب میں ہر صفحے پر چار "سلائیڈز" دی گئی ہیں۔انہیں دائیں سے بائیں پڑھا جائے۔

Q1	Q2
Q3	Q4

خود آزمائشی امتحان

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
اذان کے کلمات	219	الفاتحہ	238
وضوء کی دعائیں	221	آیت الکرسی	241
ثناء	226	الفیل	244
رکوع کی تسبیح	227	قریش	245
رکوع سے اٹھتے ہوئے	227	الماعون	245
سجدے کی تسبیح	228	الکوثر	246
تشہد	228	الکافرون	247
درود شریف	230	النصر	250
درود شریف کے بعد کی دعا	232	اللھب	252
دعاء قنوت	235	الاخلاص	253
تعوذ	237	الفلق	255
تسمیہ	237	الناس	257

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمہید و تعارف

تعارف کا تعارف

شمار	عنوان
1	قرآنی عربی کورس ایک نظر میں
2	کورس کی خصوصیت
3	کورس کے مقاصد
4	تعلیمی نفسیات کے ماہرین کی ایک مسلّمہ اور متفقہ تحقیق
5	حفظ القرآن... کم سے کم وقت میں
6	خوشخبری اور مبارکباد
7	حفظ کرنے والے بچوں کے دو اہم مسائل کا حل
8	کورس کی منصوبہ بندی
9	تین اہم نکتے

شمار	عنوان
10	کورس کا بنیادی فلسفہ
11	اشاروں کے ذریعے آسانی پیدا کیجیے
12	چار اہم نکاتِ تعلیم
13	انسانی دماغ کی ساخت
14	دماغ کی ورزش: گہری سانس
15	انسان کو کتنا یاد رہتا ہے؟
16	انسانی دماغ میں سیکھنے کی صلاحیت کا راز
17	ذہن میں بجلیاں کیسے چمکتی ہیں؟
18	سیکھنے کے 6 اہم طریقے

تعارف کا تعارف

شمار	عنوان
	چند گزارشات اساتذہ کے لیے
19	کورس کی تدریس کے اصول
20	تعلیم کے حوالے سے پانچ بنیادی اصول
21	لازمی پابندی کیجیے
22	ترجمہ یاد کروانے کی کامیاب تیکنیک
23	سبق یاد کیسے رکھا جائے؟
24	سبق دہرانے کے 6 طریقے
25	اجرا کا طریقہ
26	اہم ترین

سبق	عنوان
	چند ہدایات طلبہ کے لیے
27	قرآن شریف نازل کیے جانے کا مقصد
28	قرآنِ کریم سیکھنے کا مقصد
29	قرآنِ کریم سیکھتے ہوئے احتیاط کی ضرورت
30	تفسیرِ قرآن میں گمراہی کے تین اسباب
31	قرآن شریف کا استاد کون؟
32	قرآن کے نام پر گمراہی پھیلانے والا کون؟
33	یاد رکھنے کی دو باتیں
34	آخری نصیحت یا وصیت

قرآنی عربی: ایک نظر میں

لیول: 1	قرآنی قواعد (ابتدائی): Elementary
لیول: 2	قرآنی قواعد (ثانوی) Intermediate
لیول: 3	قرآنی قواعد (اعلیٰ): Advance
معاون کتاب	قرآنی الفاظ (قرآنی الفاظ کی انوکھی لغت)

قرآنی عربی کورس

لیول	اسباق	گھنٹے
3	60	120

یومیہ ایک گھنٹہ کی بنیاد پر

ہر لیول کی مدت:	2 مہینے
مکمل کورس کی مدت:	6 مہینے

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

کورس کی تدریس کے چار طریقے

- کسی آلہ کی مدد کے بغیر
- کتاب کی مدد سے
- بورڈ کی مدد سے
- پروجیکٹر کی مدد سے

کورس کی تین کتابی شکلیں

- بنیادی کتاب (رنگین وسادہ) Master book
- جیبی کتاب (خلاصہ) Key book
- معاون (لُغتی) کتاب Vocabulary book

یہ کورس پڑھایا جاسکتا ہے

مسجد میں	عوام الناس، دراساتِ دینیہ
مدرسہ میں	ناظرہ، حفظ، دراسات، متوسطہ اور اولی
اسکول، کالج میں	اسلامیات کے طلبہ
سمر کیمپ یا رمضان المبارک میں	شرکائے فہم دین کورس
مدرستہ البنات اور گھروں میں	طالبات اور خواتین

نظمِ تدریس

ناظرہ، دراسات	ایک گھنٹہ یومیہ
حفظ	20 سے 30 منٹ: صبح 11 بجے، قبل عصر، بعد عشاء
اسکول کالج	اسلامیات کے گھنٹہ میں، اسمبلی کے دوران، سمر کیمپ
عامة المسلمین	روزانہ 30 منٹ، اتوار کو دو گھنٹے، بعد تراویح

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

تعارف

خصوصیت، مقاصد، بنیادی فلسفہ، مدت

اساتذہ اور طلبہ کے لیے ہدایات

کورس کی بنیادی خصوصیت

سیکھنے کے 6 ذرائع کا بیک وقت استعمال

پورے حواس اور پورے وجود کا استعمال کرتے ہوئے

آسانی اور تیز رفتاری سے سیکھیے

کورس کی امتیازی خصوصیت

ہر سطح کے طالبعلم کے لیے مفید

- ناظرہ، حفظ، متوسطہ، اولیٰ
- اسکول، کالج، اعلیٰ تعلیم یافتہ

ہر حیثیت کے طالبعلم کے لیے کارآمد

- شہری، دیہاتی، غریب ومالدار
- اشارہ، کتاب، بورڈ، پروجیکٹر

کورس کی منفرد خصوصیت

دو متوازی مقاصد کا بیک وقت حصول: دو اجتماعی مسائل کا اکٹھے حل

"قرآنی عربی کورس" تعلیم وتدریس کی دونوں شکلوں میں

سبق	درس
اصل ہدف تعلیم و تعلم، تربیت ضمن میں	اصل ہدف اصلاح و تربیت، معلومات ضمن میں
مدارس میں بطورِ سبق	مساجد میں بطورِ درس
مضبوط تعلیمی استعداد کی بنیاد	علماء اور عوام کی دوریاں ختم

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

کورس کی کامیابی کا اصل راز

بیک وقت دو زبانوں کا استعمال: دماغ تک دہری رفتار سے پہنچایا گیا پیغام

آواز والی زبان | اشاروں والی زبان

عربی میں آٹھ صیغے اور آٹھ گردانیں ہوتی ہیں

آٹھ صیغوں کے لیے آٹھ اشارے | آٹھ گردانوں کے لیے آٹھ اشارے

قرآن شریف کے نصف سے زیادہ الفاظ اشاروں کی فطری اور طبعی زبان میں

آٹھ گردانیں | آٹھ صیغے | آٹھ اشارے

آٹھ صیغے

واحد، تثنیہ، جمع | مذکر، مؤنث | غائب، حاضر، متکلم

آٹھ گردانیں

ماضی، مضارع | امر، نہی | فاعل، مفعول | منفی، مجہول

آٹھ اشارے

اگلے صفحے پر اور لیول ! کے پہلے سبق میں دیے گئے ہیں

آٹھ صیغوں کے اشارے

مذکر	مؤنث

واحد	تثنیہ	جمع

غائب	حاضر	متکلم

آٹھ گردانوں کے اشارے

ماضی	مضارع
ہاتھ سیدھا کھول کر 90 درجے کا زاویہ	ہاتھ اوپر اٹھا کر 45 درجے کا زاویہ

امر	نہی
ہاتھ سینے کے سامنے اوپر سے نیچے	ہاتھ سینے کے سامنے بائیں سے دائیں

اسمِ فاعل	اسمِ مفعول
کسی چیز کے نازل ہونے کا اشارہ	کسی چیز کے کھلنے یا گننے کا اشارہ

منفی	مجہول
کسی چیز کے نہ ہونے کا اشارہ	کسی چیز کے الٹنے کا اشارہ

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

آٹھ گردانوں کے اشارے

ماضی	مضارع
امر	نہی
ہاتھ سینے کے سامنے اوپر سے نیچے	ہاتھ سینے کے سامنے بائیں سے دائیں
اسمِ فاعل	اسمِ مفعول

کورس کے مقاصد

- قرآن کریم سمجھنا آسان ہو جائے.
- قرآن کریم سمجھ کر تلاوت کرنا اور حفظ کرنا آسان ہو جائے.
- قرآن کریم پر عمل کرنا آسان ہو جائے.
- قرآن کریم پر عمل کی دعوت دینا آسان ہو جائے.
- ہمیں قبر اور حشر میں قرآن کریم کی شفاعت نصیب ہو جائے.

تعلیمی نفسیات کے ماہرین کی ایک مسلّمہ اور متفقہ تحقیق

جس طرح	اردو ترجمہ آجائے تو قرآن پاک سمجھنا آسان ہو جاتا ہے
اسی طرح	عربی ترجمہ آجائے تو قرآن پاک یاد کرنا آسان ہو جاتا ہے

- جدید طرز پر، آسان اور تیز رفتار طریقے سے قرآنی عربی سیکھیے.
- تیز رفتار اور پختہ یادداشت کے ساتھ قرآن پاک حفظ کیجیے.

صاحبِ قرآن مومن کا کردار اپنائیے. دینی تعلیم کی بہترین استعداد کی بنیاد رکھیے.

حفظ القرآن... کم سے کم وقت میں

آپ روزِ قیامت شفاعت کے حصول کے لیے اپنے بچے کو حافظ بنانا چاہتے ہیں؟

آپ جاپانی شاعری کی تین مصرعوں پر مشتمل ایک صنف

''ہائیکو'' جلدی یاد کر سکتے ہیں یا اردو زبان کی ایک پوری نظم؟

قرآنی عربی	20 سے 30 منٹ یومیہ (کم سے کم)
حفظِ قرآن	کم سے کم وقت، پختہ یادداشت اور ترجمے کے ساتھ

قرآنِ کریم کا حفظ اور ترجمہ ساتھ ساتھ: ایک قابلِ فخر اور منفرد اعزاز

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

حفظ کرنے والے بچوں کے دو اہم مسائل کا حل

- قرآن کریم جلد سے جلد کیسے حفظ کیا جائے؟
- قرآن کریم حفظ کر لینے کے بعد یاد کیسے رکھا جائے؟

جو چیز آدھی سے زیادہ پہلے سے یاد ہو، اس کو مکمل یاد کرنے میں کیا مشکل؟

قرآنی عربی کے ذریعے

- قرآنِ کریم حفظ کرنا آسان
- حفظ کیے ہوئے کو پختہ رکھنا آسان

خوشخبری اور مبارکباد

قرآن شریف میں تقریباً 78,000 الفاظ ہیں جو اصل میں 17,000 ہیں

1 لفظ سمجھ لینے سے 40 الفاظ کا سمجھنا اور یاد کرنا ممکن

4,500 الفاظ سمجھ لینے سے 17,000 الفاظ کا سمجھنا اور یاد کرنا آسان

17,000 الفاظ سمجھ لینے سے 78,000 قرآنی الفاظ سمجھنا اور یاد کرنا انتہائی آسان

قرآنی عربی ← حفظِ قرآن ← دینی تعلیم آسان ← عمل بالقرآن ← دعوتِ قرآن

شفاعتِ قرآن

"قرآنی عربی" پڑھا ہوا بچہ قرآن پاک جلد حفظ کر لیتا ہے اور اسے متشابہات بھی نہیں لگتے

کورس کا پلان

اگر ہم پلان بنانے میں ناکام ہوں تو ناکامی کا پلان بنا رہے ہیں!

If we fail to plan, we plan to fail.

لہٰذا پہلے جانیے:

- قرآن کریم میں کتنے الفاظ ہیں؟
- ہر لیول میں ہم کتنے الفاظ سیکھ لیں گے؟
- قرآن شریف کے تمام الفاظ سیکھنے میں کتنے دن لگیں گے؟

ہمارے اسلاف کی ایک علمی کرامت

- حافظی مدنی مصحف کے صفحات: 600
- سطور (ہر صفحہ پر): 15
- الفاظ (ہر سطر میں اوسطا): 9
- کل الفاظ 600 x 130 (تقریبا) **78,000**
- علامہ سیوطی (الاتقان: 1/197) کے مطابق: **77,934**

صدیوں پہلے نتیجہ درست ترین تھا. فرق صرف خاموش اور بولتے الفاظ کا ہے.

حافظی مدنی مصحف کے

- کل الفاظ (تقریبا): 130 x 600 — 78,000
- اصل الفاظ: — 17,000
- صرف کے قواعد سیکھنے کے بعد: — 4,500

ایک مادہ مختلف ابواب سے متعدد صیغوں میں آیا ہے۔ مثلاً:

عَلِمَ، يَعْلَمُ، عَالِمٌ، عَلَّامٌ، مَعْلُوْمٌ
اَعْلَمُ، عَلَّمَ، يُعَلِّمُ، مُعَلِّمٌ، مُتَعَلِّمٌ

قرآنی عربی: قرآن کریم کی کنجی

- کل الفاظ (تقریبا): 130 x 600 — 78,000
- اصل الفاظ: — 17,000
- صرف کے قواعد سیکھنے کے بعد: — 4,500
- لیول I میں شمار کر کے پڑھے جانے والے الفاظ: — 28,245
- لیول I میں بغیر شمار کیے پڑھے جانے والے الفاظ: — شمار مشکل ہے
- لیول I کے بعد سمجھ میں آنے والے الفاظ (تقریبا): — 40,000

کوزے میں دریا

- کل الفاظ (تقریبا): 130 x 600 — 78,000
- اصل الفاظ (تقریبا): — 17,000
- صرف کے قواعد سیکھنے کے بعد: — 4,500
- 1 فعل (verb) سیکھ لینے سے سیکھے جا سکتے ہیں: — پہلے 40 پھر 96
- 1 ضمیر (pronoun) سیکھ لینے سے سیکھی جا سکتی ہیں: — 70 ضمیریں
- 4,500 الفاظ سیکھ لینے سے آسان ہو جاتے ہیں: — 17,000
- 17,000 الفاظ سیکھ لینے سے خود بخود آجاتے ہیں: — 78,000

خزانے کا سُراغ

"قرآنی عربی" کے ذریعے 1 ضمیر (pronoun) سیکھنے سے 70 ضمائر سیکھی جا سکتی ہیں

عربی میں ضمائر کی پانچ اقسام اور 70 ضمیریں

"قرآنی عربی" کا 1 فعل (verb) سیکھ لینے سے 40 افعال سیکھے جا سکتے ہیں

6 گردانیں	ماضی، مضارع	امر، نہی	اسمِ فاعل، اسمِ مفعول
56 صیغے	16+16	6+6	6+6

پہلی گردان کے 16 صیغے سیکھ لینے سے بقیہ 5 گردانوں کے 40 صیغے آسانی سے آجاتے ہیں

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

سونے کی اینٹیں: سانچے کی یکسانیت

- " قرآنی عربی" کے ذریعے 32 معروف افعال (Active voice) سیکھنے سے 32 مجہول افعال (passive voice) سیکھے جا سکتے ہیں.
- " قرآنی عربی" کے ذریعے 32 مثبت افعال (positive verbs) سیکھنے سے 32 منفی افعال (negative verbs) سیکھے جا سکتے ہیں.
- " قرآنی عربی" کے ذریعے 32 عام منفی افعال سیکھنے سے مزید 32 خاص* منفی افعال سیکھے جا سکتے ہیں.

* نفی کی دو قسمیں ہیں. نفی عام (مَا اور لَا کے ساتھ) نفی خاص (لَم اور لَن کے ساتھ)

60 اسباق اور 3 لیول پر مشتمل کورس کی مدت

ہر لیول کے کل اسباق:	20
ہر سبق کے لیے درکار گھنٹے یا لیکچر (اوسطاً):	2
ہر لیول کے لیے درکار گھنٹے یا لیکچرز:	40
مکمل کورس کے لیے درکار گھنٹے یا لیکچرز:	120

گویا 1 گھنٹہ روزانہ کی بنیاد پر، تقریباً 6 ماہ میں، 120 لیکچر کے ذریعے آپ قرآن مجید سمجھنے کی کرشمہ نما صلاحیت حاصل کر سکتے ہیں

نماز اور خطبہ عربی زبان ہی میں کیوں؟

کیا ہمیں ایسی چیز کا پابند کیا گیا ہے جو ہمارے بس میں نہیں ؟؟؟

قرآن شریف اور قرآنی عربی سیکھنا انتہائی آسان ہے اس لیے کہ . . . . .

تین اہم نکتے

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

نکتہ (1)

کسی اور زبان کے مقابلے میں

عربی سیکھنا زیادہ آسان ہے

کیونکہ

انسانی دماغ اس کے ساتھ فطری مناسبت رکھتا ہے

دنیا میں سب سے آسان عربی زبان: سائنسی تحقیق

عربی زبان کو جلد سیکھنا آسان ہوگیا

لندن: سائنسدانوں کی ایک ٹیم نے عربی زبان سیکھنے میں پیش آنے والی مشکلات کا معمہ حل کرلیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق جامعہ حیفہ کے ماہرین نے بتایا کہ عام طور پر جب نئی زبان سیکھی جاتی ہے تو دماغ کے دونوں حصے استعمال ہوتے ہیں لیکن عربی سیکھنے کے لیے ایسا کرنا محنت ضائع کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عربی حروف کو سمجھنے کے لیے دماغ کا صرف بایاں حصہ کام آتا ہے کیونکہ یہ حصہ اشیا کی تفصیل کو باریکی سے سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ اس تحقیق میں چالیس لوگ شامل تھے۔ ماہرین نے کہا ہے عربی زبان سیکھنے کے لیے مختلف حروف کو پہچاننے اور ایک دوسرے فرق کرنے کا عمل بظاہر دوسری زبانوں سے مختلف ہے اور اس میں نکتوں کو سمجھنے جیسی باریک باتوں کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔ تحقیق میں شامل چالیس افراد میں سے کچھ طلبا صرف عبرانی زبان سے واقف تھے جبکہ کچھ عربی زبان بھی بول اور پڑھ سکتے تھے۔ ماہرین نے سکرین پر ایک سیکنڈ کے دسویں حصے کے لیے ان لوگوں کو ان زبانوں کے حروف دکھائے۔ یہ حروف سکرین کے مختلف حصوں پر نمودار ہوتے تھے۔ ایسی صورتحال میں جب کوئی چیز سکرین کے ایک حصے پر تھوڑی دیر کے لیے دکھائی جائے دماغ کا ایک حصہ ہی اس تصویر کی تشریح کرسکتا ہے۔ تمام طالب علموں نے عبرانی زبان کے حروف کو باآسانی پہچان لیا اور اس سے پہلے انگریزی زبان کے ساتھ بھی یہی نتیجہ سامنے آیا تھا کیونکہ وہ واضح طور پر ایک دوسرے سے مختلف ہیں جبکہ عربی زبان کے حروف میں بہت باریک فرق ہوتا ہے۔ ماہرین نے کہا کہ اس تحقیق کے بعد انہیں سمجھنے میں مدد ملی کہ بچوں کو عربی سمجھنے میں آسانی کیوں محسوس ہوتی ہے۔ (نیٹ نیوز) 24-7-2011

نکتہ (2)

اردو جاننے والوں کے لیے

کسی اور زبان کے مقابلے میں

عربی سیکھنا زیادہ آسان ہے

کیونکہ اردو میں عربی کے الفاظ بکثرت استعمال ہوتے ہیں

سورۂ فاتحہ کے 26 (غیر مکرر) الفاظ میں 17 مشترک الفاظ

حمد، اللہ، رب، عالَم، رحمٰن، رحیم، مالک، یوم، دین، عبادت، استعانت ہدایت، صراطِ مستقیم، انعام، غیر، غضب اور ضلالت

- غور کیا جائے تو تقریباً یہی حال بقیہ 113 سورتوں، 540 رکوع 6236 آیات کا ہے۔

اس کے علاوہ

سبحان اللہ، ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، معاذ اللہ، لاحول ولا قوۃ الا باللہ استغفر اللہ، للہ فی اللہ وغیرہ۔۔۔ الحمد للہ! شب و روز زبان زدِ عام ہیں

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

نکتہ (3)

پوری عربی زبان کے مقابلے میں قرآنی عربی سیکھنا زیادہ آسان ہے

کیونکہ قرآنی عربی اور مکمل عربی سیکھنے میں

2 اہم فرق ہیں

فرق نمبر - 1

صرف سننے اور پڑھنے پر توجہ

		مکمل عربی	قرآنی عربی
لینا Reception	سننا	√	√
	پڑھنا	√	√
دینا Production	بولنا	√	X
	لکھنا	√	X

دماغ پر بوجھ کم، سیکھنے کی رفتار تیز

فرق نمبر 2: جاندار محرِّک اور مناسب ابتدا

- قرآنی عربی اذان اور نماز سے شروع ہوتی ہے
- قرآنی عربی سے ہمارا روز واسطہ پڑتا ہے، پیدائش سے لے کر موت تک
- ہر مسلمان مرد، عورت، بوڑھے، جوان، یہاں تک کہ بچوں کے لیے بھی جاندار محرِّک اور مناسب ترین ابتدا

کورس کی تدوین کے اصول و نکات

اپنائے گئے اصولِ تعلیم

- آسان سے مشکل اور قلیل سے کثیر کی طرف فطری و طبعی سفر
- ہر پچھلا سبق اگلے کی بنیاد، ہر اگلا سبق پچھلے سے مربوط
- پچھلے سبق کے اعادے اور نئے سبق کے اجرا کا التزام
- ہمہ گیری اور طوالت سے بچتے ہوئے فقط اہم کا انتخاب
- اصطلاحات اور تعریفات کے بیان میں تفصیل سے اجتناب
- مثالوں، مشقوں اور خود تشخیصی جائزوں کا انداز بدل بدل کر بھرپور اہتمام

سمعی و بصری ذرائع سے استفادہ

- بدلتے رنگوں اور بولتی علامتوں کا بھرپور استعمال
- فنِ شماریات سے استفادہ: استناد و ثقاہت، ترغیب و حوصلہ افزائی
- اشاروں کی مدد سے بیک وقت دو زبانوں سے استفادہ
- اجتماعیت کی برکت سے دلچسپی اور حاضر دماغی کا حصول
- تمام ذرائع کے استعمال سے تمام حواس اور پورا جسم کو متوجہ رکھنے میں کامیابی
- ہر سطح اور ہر حیثیت کے طالبعلم کے لیے امکان اور سہولت کی فراہمی

کورس کا بنیادی فلسفہ

سارے حواس اور پورے وجود کا استعمال

(گویائی، سماعت، بصارت، توجہ، حرکت اور اجتماعیت)

- یہ کوئی مذاق نہیں، یہ ایک پورا نظام ہے جس کے شواہد اور مثالیں کتاب و سنت سے ملتی ہیں.
- ابھی سے اشاروں کی مشق کیجیے تا کہ بعد میں آسانی ہو.

یہ مت کہیے کہ بعد میں سیکھ لوں گا

اشاروں کی زبان قرآن شریف میں

حضرت یحیٰ علیہ السلام

أَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ إِلَّا رَمْزًا.(آل عمران: 41)

"یہ کہ آپ بات نہ کریں لوگوں سے تین دن مگر اشارہ سے."

حضرت مریم علیہا السلام

"فَأَشَارَتْ إِلَيْهِ." (مریم:29)

"تو اشارہ کیا اس (مریم علیہا السلام) نے اس (عیسی علیہ السلام) کی طرف."

اشاروں کی زبان حدیث شریف میں

ایک انگلی سے اشارہ

- عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا فِي حَدِيْثٍ طَوِيْلٍ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "أَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ."

"اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ کیا شہادت والی انگلی سے."

(مسلم شریف، جلد اول، رقم الحدیث:1338)

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

دو انگلیوں سے اشارہ

☐ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ كَهٰذِهٖ مِنْ هٰذِهٖ، أَوْ كَهَاتَيْنِ" حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اور قیامت اس طرح قریب قریب بھیجے گئے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شہادت والی انگلی اور بیچ والی انگلی کو جوڑ کر دکھایا۔"

وعنہ ایضا: "أَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ فِي الْجَنَّةِ هٰكَذَا." وَأَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى.. حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح قریب قریب ہوں گے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شہادت والی انگلی اور بیچ والی انگلی سے اشارہ کیا۔"

(بخاری شریف، جلد ثانی، باب اللعان، رقم الحدیث: 5304۔5301)

دو انگلیوں سے اشارہ

(دونوں انگلیاں جوڑ کر)

☐ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ فِيْ حَدِيْثٍ طَوِيْلٍ:

"إِنَّ لَهٗ لَأَجْرَيْنِ، وَجَمَعَ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ."

"حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شہید کو دو اجر ملیں گے
اور
دونوں انگلیاں اکٹھی کر کے اشارہ کیا۔"

(بخاری شریف، جلد ثانی، باب غزوۃ خیبر، رقم الحدیث: 4196)

پانچوں انگلیوں سے اشارہ

☐ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يَقُوْلُ: "قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

"الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا." "يَعْنِيْ ثَلَاثِيْنَ، ثُمَّ قَالَ: "وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا."

"حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں سے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ مہینہ تیس کا بھی ہوتا ہے اور انتیس کا بھی۔"

(بخاری شریف، جلد ثانی، باب اللعان، رقم الحدیث: 5302)

دونوں ہاتھوں کی انگلیوں سے اشارہ

☐ عَنْ أَبِيْ مُوْسٰى رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

"إِنَّ الْمُؤْمِنَ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ، يَشُدُّ بَعْضُهٗ بَعْضًا." وَشَبَّكَ أَصَابِعَهٗ.

"حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے لیے دیوار کی طرح ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ کی انگلیوں کو ایک دوسرے میں ڈال کر دکھایا۔"

(بخاری شریف، جلد اول، باب تشبیک الأصابع فی المسجد وغیرہ، رقم الحدیث: 481)

ہاتھ سے اشارہ

- قَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ: "أَشَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيَّ: أَيْ خُذِ النِّصْفَ."

""حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ آدھا قرض لے لو اور آدھا چھوڑ دو۔""

(صحیح البخاری، المجلد الثانی، باب الإشارة فی الطلاق والأمور، رقم الحدیث:5292)

- قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا: "أَوْمَأَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ: لَا حَرَجَ."

""حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ کے اشارے سے فرمایا کہ کوئی حرج نہیں ہے۔""

(بخاری شریف، جلد اول، باب من أجاب الفتیا بإشارة الید والرأس، رقم الحدیث: 84)

اشاروں کا کمال: دماغ پر زور دیے بغیر حفظِ قرآن بھی، فہمِ قرآن بھی

قرآنی الفاظ	تعداد	تحدیدی استعمالات	تقریبی استعمالات
ضمائر	70	گنے نہیں جا سکتے	گنے نہیں جا سکتے
افعال	1,007	19,508	20,000
اسمِ فاعل	6	گنے نہیں جا سکتے	گنے نہیں جا سکتے
اسمِ مفعول	6	گنے نہیں جا سکتے	گنے نہیں جا سکتے
اسمائے اشارہ	12	1,006	1,000
اسمائے موصولہ	6	1,467	1,500
مجموعہ	1,107	21,981	22,500

یعنی (ناقابلِ شمار الفاظ ملا کر) نصف سے زیادہ الفاظ سمجھاتے وقت بہت زیادہ آسانی

قرآنی اشاروں کے ذریعے انقلاب برپا کیجیے

آٹھ صیغوں اور آٹھ گردانوں کو اشارے کی زبان دے دیجیے.....

ایک اشارہ 6 باتوں کے لیے کافی. مثال:

درج ذیل صیغے میں چھ باتوں کو آپ ایک اشارے سے سمجھا سکتے ہیں

	صیغہ				گردان	
أَنْعَمْتَ	واحد	مذکر	حاضر	ماضی	مثبت	معروف

	صیغہ				گردان	
تُؤْمِنُوْنَ	جمع	مذکر	حاضر	مضارع	مثبت	معروف

چار اہم نکاتِ تعلیم

آپ سیکھ سکتے ہیں

- قرآن شریف سیکھنے کے لیے آپ کو دماغ لگانا پڑے گا!
- اور آپ کے پاس نہایت طاقتور دماغ موجود ہے!!!

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

نکتہ - 1

- دماغ میں 1000 کروڑ خلیے ہوتے ہیں
- ہر خلیے کی 20,000 تک شاخیں ہوتی ہیں

گویا

بہت زیادہ گنجائش اور قوت ہے آپ کے پاس

نکتہ - 2

- ہم بمشکل اپنا 5% تا 25% دماغ استعمال کرتے ہیں

کیوں نہ خالی حصے کو قرآنِ کریم کے لیے وقف کردیں!

نکتہ - 3

- آپ 60 برس کے بھی ہو جائیں تو دماغ کے صرف 3% خلیے مرتے ہیں.
- بھول کیوں؟ یادداشت کے قواعد کا لحاظ نہ کرنے کی وجہ سے.

نکتہ - 4

- سانس کی ورزش ضروری ۔ دماغ اور خلیوں کے لیے
- زیادہ ضروری، زیادہ عمر والوں کے لیے
- ورنہ خلیے مرنے لگیں گے.
- کیوں نہ قرآن کے لیے اپنے دماغ کو ریاضت کروائیں... اس سے بہتر مقصد اور کیا ہو سکتا ہے؟

انسانی دماغ کی ساخت

دماغ کی ورزش: گہری سانس

- گہری سانس ذہنی اور جسمانی تھکن کو دور کرتی ہے
- خون کو صاف کرتی ہے
- تناؤ کو دور کرتی ہے
- ذہن کو آرام دیتی اور تازگی بخشتی ہے
- صاف اور گہری سوچ میں مدد دیتی ہے

گہری سانس لیجیے! دماغ کو فل چارج کیجیے!!!

سانس ← آکسیجن ← خون ← دماغ

سانس کی مشق

تروتازہ دماغ، بہترین یادداشت

یہ کام خاص طور پر اس وقت کیجیے جب آپ کسی چیز کو یاد کرنا شروع کر رہے ہوں یا کسی چیز کو یاد کر رہے ہوں

سانس کی مشق کے اصول

- **کھلی ہوا** تازہ، کھلی اور وافر ہوا کے لیے کھڑکیاں کھول دیجیے
- **خالی پیٹ** کھانا کھانے کے تین سے چار گھنٹے بعد
- **سیدھی کمر** گردن اور ریڑھ کی ہڈی ایک سیدھ میں رکھیے
- **ناک اور منہ** ناک سے سانس لیجیے اور کچھ دیر بعد منہ سے خارج کیجیے

سانس لینے کے بعد: پوری توجہ دیجیے

- ❖ آنکھوں کی (نظریں جما کر)
- ❖ کانوں کی (دل کے کان لگا کر)
- ❖ ہاتھوں کی (اشاروں سے)
- ❖ دماغ کی (کوئی اور سوچ نہ ہو)
- ❖ دل کی (بھرپور شوق اور محبت کے ساتھ)
- ❖ بدن کی (سب کے ساتھ مل کر)

توجہ

انسان کو کتنا یاد رہتا ہے؟

- ✓ 25% جو ہم پڑھتے ہیں
- ✓ 35% جو ہم سنتے ہیں
- ✓ 50% جو ہم دیکھتے ہیں
- ✓ 60% جو ہم سوچتے ہیں
- ✓ 75% جو ہم کرتے ہیں
- ✓ 95% جو ہم مل کر کرتے ہیں

انسانی دماغ میں سیکھنے کی صلاحیت کا راز

بجلیاں اور تکرار

تاکہ سبق "مستقل حافظہ" (پرمننٹ میموری)
میں
نقش ہو جائے

ذہن میں جتنی بجلیاں آپ چمکائیں گے ... اتنا ہی

- ➢ جلدی یاد ہو گا
- ➢ دیر تک یاد رہے گا
- ➢ جلدی یاد آئے گا

اجتماعی اشاروں کا یہ خاص فائدہ ہے...

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

ذہن میں بجلیاں کیسے چمکتی ہیں؟

سیکھنے کے 5 اہم طریقے ہیں۔ اگر انہیں اجتماعی طور پر اپنایا جائے تو چھٹا طریقہ خود بخود وجود میں آجاتا ہے

1- سن کر ⟵ آواز کان میں پڑنے سے
2- دیکھ کر ⟵ حروف، نقوش، رنگ اور متحرک کو دیکھ کر
3- بول کر ⟵ اپنی یا دوسروں کی آواز سننے سے
4- حرکت سے ⟵ اشارہ کرکے
5- سوچ کر ⟵ توجہ اور دھیان کے ساتھ
6- مل کر ⟵ ساتھیوں کے ساتھ یک آواز ہو کر

سیکھنے کے 6 اہم طریقے

یاد رکھنے کی بات

ہمارے ذہن کی قابلیت بہت زیادہ ہے، لیکن ہم اسے کام میں نہیں لاتے، لہٰذا:

- ❖ گہری سانس لیا کیجیے۔
- ❖ اشاروں کے ذریعے زیادہ سے زیادہ بجلیاں چمکائیے۔
- ❖ محبت اور شوق کے ساتھ سیکھیے۔

95% یاد رہے گا اگر: ہم مل کر پڑھیں، دیکھیں، سنیں، سوچیں اور اشارہ کریں

چند گزارشات

اساتذہ کے لیے

کورس کی تدریس کے اصول

تعلیم وتربیت ساتھ ساتھ

نمبر شمار	اصولِ تعلیم	اصولِ تربیت
1	اجتماعی آواز اور اشارہ	ذہن سازی
2	اعادہ اور اجرا	کردار سازی
3	تجوید کی مشق	قرآن پر عمل
4	مشترک الفاظ کے حوالے سے "اشتقاقی ترجمہ"	اتباعِ شریعت وسنت
5	الفاظ کی قرآنی ترتیب کے مطابق "تقطیعی ترجمہ"	قرآن کی دعوت

تعلیم کے حوالے سے پانچ بنیادی اصول

1. اجتماعی آواز اور اشارے کا بھرپور استعمال کیجیے.
2. سبق سے پہلے اعادہ اور سبق کے بعد اجرا نہ بھولیے.
3. آیات اور دعاؤں کو تجوید کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کیجیے.
4. اردو میں مستعمل مشترک الفاظ کا حوالہ دے کر "اشتقاقی ترجمہ" کیجیے:
5. ہر حرف اور لفظ کا ترجمہ قرآنی ترتیب کے مطابق الگ الگ (یعنی تقطیعی ترجمہ) کیجیے.

لازمی پابندی کیجیے

- اصطلاحات اور ضمنی تفصیلات میں زیادہ نہ پڑیے۔ خصوصاً بچوں کو پڑھاتے وقت۔
- اشاروں کی پابندی کروائیے (کتاب وسنت کے حوالے سنا کر ذہن بنائیے)
- ہر سبق (آگے دیے گئے طریقے کے مطابق) چھ طریقوں سے کہلوائیے۔
- ہر طالب علم سے (اپنی جگہ یا جماعت کے سامنے کھڑے ہو کر) چھ میں سے کم از کم دو طریقوں سے اعادہ کروائیے۔
- اجرا میں قرآنی صیغہ اور اردو ترجمہ دونوں کی گردان کہلوائیے۔
- وقتاً فوقتاً، موقع محل کی مناسبت سے "قرآنی نظریہ و کردار" کو اجاگر کیجیے۔

ترجمہ یاد کروانے کی کامیاب تیکنیک

ترجمے کی دو اقسام اپنائیے

تقطیعی ترجمہ: ہر حرف اور لفظ کا الگ الگ

اشتقاقی ترجمہ: مشترک الفاظ کی مدد سے

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

کامیاب ترجمہ کی تکنیک: الگ الگ، ترتیب سے اور مشترک الفاظ کے ذریعے

حَیَّ	عَلَی	الصَّلٰوۃِ	حَیَّ	عَلَی	الْفَلَاحِ
آؤ	پر (طرف)	نماز	آؤ	پر (طرف)	کامیابی

فلاحِ انسانیت — فلاحِ آخرت — فلاحِ دارین

فلاح و بہبود — فلاحی خدمات — فلاح و ترقی

وَأَشْهَدُ	أَنَّ (263)	مُحَمَّدًا	عَبْدُهُ (126*)	وَرَسُولُهُ (332*)
اور میں گواہی دیتا ہوں	کہ	محمد ﷺ	اس کے بندے	اور اس کے رسول ہیں

تقطیعی ترجمہ

عَبْدُ	هُ	وَ	رَسُولُ	هُ
بندے	اس کے	اور	رسول	اس کے

عَبْدُ اللهِ	اللہ کا بندہ

رَسُولُ اللهِ	اللہ کا رسول

وَتَبَارَكَ	اسْمُكَ	وَتَعَالٰی	جَدُّكَ
اور برکت والا ہے	تیرا نام	اور بلند و بالا ہے	تیری بزرگی

اردو کے مشترک الفاظ

مبارک، برکت، تبرّک

23

اردو استعمالات

عالی شان

جنابِ عالی

عربی الفاظ کو "اشتقاقی ترجمے" کی مدد سے سمجھنے کی کوشش کیا کیجیے

وَتَبَارَكَ	اسْمُكَ	وَتَعَالٰی	جَدُّكَ
اور برکت والا ہے	تیرا نام	اور بلند و بالا ہے	تیری بزرگی

تقطیعی ترجمہ

اِسْمُ	كَ
نام	تیرا

جَدُّ	كَ
بزرگی	تیری

اشتقاقی ترجمہ

جدِّ امجد

آباء و اجداد

جدّی پشتی

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

تعلیم وتربیت ساتھ ساتھ

سب سے اہم یہ کہ تعلیم کے ساتھ تربیت پر متوازی توجہ دی جائے

یعنی

قرآنِ کریم کو مع تجوید وترجمہ سیکھنے کے ساتھ ساتھ

ذہن سازی اور کردار سازی پر بھرپور توجہ دیجیے

تاکہ ''اتباعِ شریعت وسنت'' فطرتِ ثانیہ بن جائے

یاد کیسے کیا جائے؟

اعادہ اور اجرا

- آپ جو بھی یاد کریں، آپ بھول جائیں گے، اس لیے آپ کو اعادہ (دہرانے) کی ضرورت ہے.
- دہرانا بہت ضروری ہے. مگر دہرانے کے طریقے (اجرا اور مشق) کو جاننا اس سے زیادہ ضروری ہے.

کسی بھی لفظ یا صیغے کو دہرانے کے 6 طریقے ہیں. ان سے یاد بھی جلدی ہوتا ہے اور ترجمہ بھی خود بخود آجاتا ہے.

سبق دہرانے کے 6 طریقے

- سب مل کر اشارہ کے ساتھ گردان پڑھیں، پہلے عربی پھر اردو
- استاد جی اشارہ کریں اور طلبہ گردان پڑھیں، پہلے عربی پھر اردو
- استاد جی عربی میں گردان پڑھیں، طلبہ اردو میں
- استاد جی اردو میں گردان پڑھیں، طلبہ عربی میں
- استاد جی صیغے بدل بدل کر عربی میں بولیں، طلبہ اردو میں
- استاد جی صیغے بدل بدل کر اردو میں بولیں، طلبہ عربی میں

آخر میں طلبہ سے ان تمام طریقوں کے مطابق گردان پڑھوائی جائے.
اجتماعیت اور اشارہ تمام صورتوں میں بہر حال ضروری ہے.

اجرا کا طریقہ

- اجرا کے لیے دی گئ مثالوں میں آنے والے الفاظ تین قسم کے ہوں گے:

1. جو لفظ پڑھ لیا، اس کی گردان ہر حال میں طلبہ سے نکلوایئے. اشارے کی اجازت ہے.
2. جو لفظ نہیں پڑھا، اگر ممکن ہو، اس کا معنیٰ ''اشتقاقی ترجمہ'' کی مدد سے نکلوایئے.
3. اگر اشتقاقی ترجمہ ممکن نہ ہو تو ''تقطیعی ترجمہ'' کہلوایئے.

- اگر طالب علم دو لفظوں کو ملا کر گردان نہ پڑھ سکے تو ہر لفظ کی الگ الگ ''تقطیعی گردان'' پڑھوایئے. جیسے: فَإِنَّهٗ مِنِّیْ. پہلے إِنَّهٗ الگ، مِنهُ الگ، پھر ملا کر. إِنَّهٗ مِنهُ، إِنَّهٗ مِنهُمَا......
- لیول I میں ثلاثی مزید یا رباعی کا صیغہ آجائے تو پریشان نہ ہوں. مجرد اور مزید کے پڑھنے کا طریقہ ملتا جلتا ہے.

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

اُجرا کے بعد اجرا

قرآن شریف سے عمومی اجرا: اجتماعیت اور مقابلہ کے ساتھ

- دی گئی آیت (کے ٹکڑے یا آیت) سے اجرا مکمل کر لینے کے بعد یومیہ سبق یا مختلف مقامات سے آیات نکال نکال کر مشق پکی کروایئے۔
- ہر طالب علم کو باری باری جماعت کے سامنے کھڑا کیجیے۔ سب اس سے مختلف آیات کے حوالے سے سوالات کریں اور وہ پڑھے گئے الفاظ کی گردان اور اس کا ترجمہ (دونوں) پڑھ کر سنائے۔
- طلبہ کی جماعتیں بنا کر قرآن شریف سے صیغے نکالنے کا مقابلہ کروایئے۔

آخری گزارش: اہم ترین

صرف عربی گردانیں پڑھوانا کافی نہیں، ترجمہ کی گردان بھی ضروری ہے۔

صرف ترجمہ یاد کرانا کافی نہیں، ایمانی واخلاقی تربیت بھی ضروری ہے۔

ہر سبق کے الفاظ اور آخر میں اجرا کے لیے دی گئی آیتوں پر غور کیجیے۔ نظریاتی تربیت و کردار سازی کے اشارات جھلملاتے نظر آئیں گے۔

انہیں طلبہ کے دل ودماغ میں اتار کر، عمل و کردار کو اس کے مطابق ڈھالیے۔

چند ہدایات
طلبہ کے لیے

استاد صاحب سے پڑھنے کے بعد تنہائی میں
خود سے غور کرنا بھی ضروری

ترے ضمیر پہ جب تک نہ ہو نزولِ کتاب
گرہ کشا ہے نہ رازی، نہ صاحبِ کشّاف

قرآن شریف نازل کیے جانے کا مقصد

كِتَابٌ	أَنْزَلْنَاهُ	إِلَيْكَ	مُبَارَكٌ
(یہ) کتاب	ہم نے اتارا ہے اس کو	آپ کی طرف	برکت والی ہے

لِّيَدَّبَّرُوا	آيَاتِهِ	وَلِيَتَذَكَّرَ	أُولُوا	الْأَلْبَابِ.
تاکہ وہ غور کریں	اس کی آیات میں	اور تاکہ نصیحت پکڑیں	والے	عقل

كِتَابٌ	أَنْزَلْنَاهُ	إِلَيْكَ	مُبَارَكٌ
(یہ) کتاب	ہم نے اتارا ہے اس کو	آپ کی طرف	برکت والی ہے

أَنْزَلْنَا + هُ

ہم نے اتارا — اس کو

إِلَى + كَ

طرف — آپ کے

كِتَابٌ	أَنْزَلْنَاهُ	إِلَيْكَ	مُبَارَكٌ
(یہ) کتاب	ہم نے اتارا ہے اس کو	آپ کی طرف	برکت والی ہے

عربی الفاظ کو ''مشترک الفاظ'' کی مدد سے سمجھنے کی کوشش کیا کیجیے

اردو کے مشترک الفاظ

مبارک
برکت
تبرّک

عِيدٌ مُبَارَكٌ

یہ عید آپ کے لیے برکت والی ہو

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

لِّيَدَّبَّرُوْا	آيَاتِهِ
تاکہ وہ غور کریں	اس کی آیات میں

لِ
تاکہ

يَدَّبَّرُوْا
وہ غور کریں

آيَةٌ (ا)
نشانی

آيَاتٌ (+)
نشانیاں

382

نشانی: جو خود مبہم ہو، لیکن کسی خفیہ خزانے کا سُراغ دے

وَ	لِيَتَذَكَّرَ	أُولُوا الْأَلْبَابِ
اور	تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے

وَ	لِ	يَتَذَكَّرَ	أُولُوا	الْأَلْبَابِ
اور	تاکہ	نصیحت پکڑیں	والے	عقل

43	أُولُوا	أُولِي	والے

لُبٌّ (ا)

أَلْبَابٌ (+)

عقل: باندھنا، روکنا... یہ انسان کو نامناسب چیزوں سے روکتی ہے

عقل والے: جنہیں ان کی عقل اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے روک دے

تجوید، دعا اور تصور کے ساتھ دہرائیں

لِّيَدَّبَّرُوْا	آيَاتِهِ
تاکہ وہ غور کریں	اس کی آیات پر

وَلِيَتَذَكَّرَ	أُولُوا الْأَلْبَابِ
اور تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے

تدبُّر: کیا اور کیسے؟

تدبر : غور کرنا

- اخبار پڑھنے کے لیے تدبر کی ضرورت نہیں۔
- لیکن کیا آپ سائنس کی کتاب اسی طرح پڑھ سکتے ہیں؟
- غور اسی وقت کر سکے گا جب وہ سمجھے۔

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

تذ ّکر: کیا اور کیسے؟

- تذ ّکُر: نصیحت حاصل کرنا...
- اپنی زندگی میں قرآن شریف کی باتوں پر عمل کرنا

تاکہ

دنیا میں فلاح اور آخرت میں نجات حاصل ہو

قرآنِ کریم سیکھنے کا مقصد

نصیحت حاصل کرنا

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ. (القمر: 17)

''بے شک آسان کر دیا ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لیے.
پس ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا؟''

نصیحت حاصل کرنے کا مطلب

ایمان اور عملِ صالح پر آجانا

ایمان توکل کے درجے تک

''وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ آيَاتُهُ زَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ.''

''اور جب اللہ تعالی کی آیات کی تلاوت کی جاتی ہے تو یہ ان کے ایمان میں اضافہ کرتی ہیں اور وہ صرف اپنے پروردگار پر بھروسہ کرتے ہیں.''

عملِ صالح جان و مال دونوں سے

''الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ.'' (2:8)

'' یہ لوگ نماز قائم کرتے ہیں اور جو رزق ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں.''

نصیحت حاصل کرنے کی علامت

دلوں کا نرم ہونا اور آخرت کی فکر پیدا ہونا

''اللَّهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَابًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِينُ جُلُودُهُمْ وَقُلُوبُهُمْ إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ.'' (الزمر: 23)

'' اللہ وہ ذات ہے جس نے بہترین کلام نازل فرمایا. ایک ایسی کتاب جس کے مضامین ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں، جس کی باتیں بار بار دہرائی گئی ہیں . وہ لوگ جن کے دلوں میں اللہ کا رعب ہے وہ اس سے کانپ اٹھتے ہیں پھر ان کے جسم اور ان کے دل نرم ہو کر اللہ کی یاد کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں.''

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

قرآن کریم سیکھتے ہوئے احتیاط کرنے اور رائے زنی سے بچنے کی ضرورت

مَنْ	قَالَ	فِي الْقُرْآنِ	بِغَيْرِ عِلْمٍ
جس نے	کہا	قرآن کے بارے میں	بغیر علم کے

فَلْيَتَبَوَّأْ	مَقْعَدَهُ	مِنَ النَّارِ
پس وہ بنالے	اپناٹھکانہ	آگ میں

(ترمذی شریف، حدیث: 2950)

تفسیرِ قرآن میں گمراہی کے تین اسباب

❖ قرآن کریم کی تفسیر اپنی رائے سے کرنا

❖ قرآن کریم کو اپنے نظریات کے تابع بنانا

❖ قرآن کریم کو زمانے کے افکار کے تابع بنانا

گمراہی اور فتنوں سے بچنے کا طریقہ

❖ مستند علمائے کرام اور متبع سنت بزرگانِ دین کی صحبت

❖ ایسے لوگوں کی صحبت اور ان کے لیکچر سننے سے بچنا جو اوپر بیان کیے گئے گمراہی کے تین اسباب میں سے کسی ایک میں مبتلا ہوں

قرآن شریف کا استاد کون؟

جو مستند عالم دین ہو

اِنَّ	هٰذَا	الْعِلْمَ	دِيْنٌ
یقیناً	یہ	علم	دین ہے

فَانْظُرُوْا	عَمَّنْ	تَأْخُذُوْنَ	دِيْنَكُمْ.
پس دیکھ لو	کس سے	حاصل کرتے ہو	اپنادین

(مقدمہ مسلم شریف: ج1 ص11، حدیث:27)

پڑھنے کی ترتیب ..... دائیں سے بائیں

مستند عالم کون؟

جس کے اساتذہ کا سلسلہ مستند واسطوں سے معلّمِ قرآن صلی اللہ علیہ وسلم سے جاملتا ہے

اَلْاِسْنَادُ	مِنَ	الدِّيْنِ	وَ	لَوْلَا	اَلْاِسْنَادُ
سند	حصہ ہے	دین کا	اور	اگر نہ ہو	سند

لَقَالَ	مَنْ	شَآءَ	مَاشَاءَ
تو کہتا پھرے	جو بھی	چاہے	جو کچھ چاہے

(مقدمۂ مسلم شریف: ج1ص12، حدیث: 33)

قرآن شریف کے نام پر گمراہی پھیلانے والا کون؟

جس کا سلسلۂ سند معلمِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ ملتا ہو

اس نے غیر مسلم ممالک کی یونیورسٹیوں میں غیر مسلم اساتذہ یا ان کے شاگردوں سے تعلیم حاصل کی ہو اور فہمِ قرآن کے نام پر نئی نئی باتیں گھڑ کر امت میں انتشار پھیلاتا اور عامۃ الناس کو ان کے دین کے محافظین یعنی مستند علمائے کرام سے بدظن کرتا ہو

حدیث شریف اگلے صفحے پر

يَكُوْنُ	فِيْ	آخِرِ	الزَّمَانِ	دَجَّالُوْنَ	كَذَّابُوْنَ
ہوں گے	میں	آخری	زمانے	بڑے بڑے دھوکے باز	بڑے بڑے جھوٹے

يَأْتُوْنَكُمْ	مِنَ	الْاَحَادِيْثِ	بِمَا	لَمْ تَسْمَعُوْا	اَنْتُمْ
تمہارے پاس لائیں گے	ایسی	باتیں	جو	نہ سنی ہوں گی	تم نے

وَلَا آبَاؤُكُمْ	فَاِيَّاكُمْ	وَاِيَّاهُمْ	لَا يُضِلُّوْنَكُمْ	وَلَا يُفْتِنُوْنَكُمْ
- برکت: نعمتوں کا عطا ہونا اور اس میں برابر اضافہ اور ترقی ہوتے رہنا۔
- اعمال میں برکت: قبولیت اور بہترین بدلہ ملنا۔
- اولاد میں برکت: نسلوں تک باقی رہنا اور پھیلنا، بڑھنا۔

نکاح کی مبارکباد: بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ، وَبَارَكَ عَلَيْكَ، وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِي خَيْرٍ.

درود شریف: رسول ﷺ کے لیے دعا

(دوسرا حصہ)

اَللّٰھُمَّ	بَارِكْ	عَلٰى مُحَمَّدٍ	وَّعَلٰى آلِ	مُحَمَّدٍ
اے اللہ	برکت عطا فرما	محمد ﷺ پر	اور آل پر	محمد ﷺ کی

تجوید کے ساتھ مل کر پڑھیے

اَللّٰھُمَّ	بَارِكْ	عَلٰى مُحَمَّدٍ	وَّعَلٰى آلِ	مُحَمَّدٍ
اے اللہ	برکت عطا فرما	محمد ﷺ پر	اور آل پر	محمد ﷺ کی

آل کا مطلب: صرف نسبی نہیں بلکہ تمام روحانی اولاد

- آلِ محمد: آپ ﷺ کی اولاد وازواجِ مطہرات محبت اور اتباع کرنے والے، طریقے پر چلنے والے

دلیل: قرآن شریف سے

آلِ موسیٰ وآلِ ہارون: فرعون کے مقابلے میں حضرت موسیٰ وہارون علیہما السلام کے ساتھی (البقرۃ:248)

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

خود آزمائشی امتحان

کَمَا	بَارَکْتَ	عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ
جیسے	برکت عطا کی تونے	ابراہیم پر

وَعَلٰی	آلِ	اِبْرَاھِیْمَ
اور اوپر	آل	ابراہیم کی

حرفِ تشبیہ

كَ / كَمَا } جیسے

كَعَصْفٍ
بھوسے کے جیسے

اِنَّكَ	حَمِيْدٌ	مَّجِيْدٌ
بے شک تو	تعریف کے قابل	بزرگی والا ہے

حَمِيْدٌ: لائقِ تعریف... جس کو ہر طرح کی جمالی خوبیاں اعلیٰ درجے پر حاصل ہوں

مَجِيْدٌ: بزرگی والا ... جس کو ہر طرح کی جلالی عظمتیں کمال کے درجہ (perfection) پر حاصل ہوں

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ: صفاتِ جمال و جلال کا جامع

حمدِ باری، مقامِ محمود، حامد، محمود، حمید

اردو استعمالات

قرآن مجید
والد ماجد
جدِّ امجد

درود شریف کے بعد کی دعا

نماز ختم کرنے سے پہلے

(رسول ﷺ نے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو یہ دعا سکھائی)

اَللّٰھُمَّ	اِنِّیْ	ظَلَمْتُ (266*)	نَفْسِیْ (293*)	ظُلْمًا	كَثِیْرًا (74*)
اے اللہ	بے شک میں	(میں نے) ظلم کیا	اپنی جان پر	ظلم	بہت زیادہ

تجوید کے ساتھ مل کر پڑھیے اور ہر لفظ میں قواعد کا اجرا کیجیے

وَلَا	يَغْفِرُ	الذُّنُوْبَ	اِلَّا	اَنْتَ
اور نہیں	بخش سکتا	گناہوں کو	سوائے	تیرے

		اجرا کیسے؟ ہر صیغے سے چھ گردانیں	
ماضی / مضارع	غَفَرَ غَفَرَا غَفَرُوْا	يَغْفِرُ يَغْفِرَانِ يَغْفِرُوْنَ	
	غَفَرْتَ غَفَرْتُمَا غَفَرْتُمْ	تَغْفِرُ تَغْفِرَانِ تَغْفِرُوْنَ	
امر / نہی		اِغْفِرْ اِغْفِرَا اِغْفِرُوْا	لَا تَغْفِرْ لَا تَغْفِرَا لَا تَغْفِرُوْا
	غَفَرْتُ غَفَرْنَا	أَغْفِرُ نَغْفِرُ	
اسم فاعل			غَافِرٌ غَافِرَانِ غَافِرُوْنَ...
اسم مفعول			مَغْفُوْرٌ مَغْفُوْرَانِ مَغْفُوْرُوْنَ...

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

فَاغْفِرْ	لِیْ	مَغْفِرَةً	مِّنْ	عِنْدِكَ
پس بخش دے	مجھ کو	خاص بخشش	سے	پاس تیرے

فَ	اغْفِرْ	لِ	یْ	مَغْفِرَةً	مِّنْ	عِنْدِ	كَ
پس	بخش دے	کو	مجھ	خاص بخشش	سے	پاس	تیرے

وَارْحَمْنِیْ	إِنَّكَ	أَنْتَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِیْمُ
اور رحم فرما مجھ پر	بے شک تو	تو ہی	بخشنے والا	بے حد رحم والا ہے

غفور: مسلسل اور بے انتہا بخشنے والا رحیم: مسلسل اور بے انتہا رحم والا

کسی لفظ کو دہرانے کی حکمت

تاکید کی خاطر فعل کے بعد اسم بھی آتا ہے
(اردو کی مثال: ایسی مار ماری، یعنی خوب مارا)

ظلم کیا میں نے ظلم
(خوب ظلم کیا)

بخش دیجئے بخشش
(خوب بخش دیجئے)

نماز کے بعد کی دعا

اَللّٰھُمَّ	أَنْتَ	السَّلَامُ
اے اللہ	تو ہی	سلامتی والا ہے

وَ	مِنْكَ	السَّلَامُ
اور	تیری طرف سے ہی	سلامتی ہے

تَبَارَكْتَ	یَا	ذَا الْجَلَالِ	وَالْإِكْرَامِ
بابرکت ہے تو	اے	جلال والے	اور کرم والے

دعائے قنوت

اَللّٰھُمَّ	إِنَّا	نَسْتَعِیْنُكَ	وَنَسْتَغْفِرُكَ
اے اللہ	بے شک ہم	مدد مانگتے ہیں تجھ سے	اور مغفرت مانگتے ہیں تجھ سے

وَنُؤْمِنُ	بِكَ	وَنَتَوَكَّلُ	عَلَیْكَ
اور ہم ایمان لاتے ہیں	تجھ پر	اور ہم بھروسہ کرتے ہیں	تجھ پر

معنی پر دھیان دیتے ہوئے تجوید کے ساتھ دہرائیے

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

وَنُثْنِیْ	عَلَیْكَ	الْخَیْرَ
اور ہم تعریف کرتے ہیں	تیری	بہترین تعریف

وَنَشْکُرُكَ	وَلَا نَكْفُرُكَ
اور ہم شکرادا کرتے ہیں تیرا	اور ہم نہیں ناشکری کرتے تیری

وَنَخْلَعُ	وَنَتْرُكُ	مَنْ	یَّفْجُرُكَ
اور ہم الگ کردیتے ہیں	اور ہم چھوڑدیتے ہیں	اس کو جو	نافرمانی کرے تیری

اَللّٰهُمَّ	إِيَّاكَ	نَعْبُدُ
اے اللہ	صرف تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں

وَلَكَ	نُصَلِّیْ	وَنَسْجُدُ
اور تیرے ہی لیے	ہم نماز پڑھتے ہیں	اور سجدہ کرتے ہیں

وَإِلَيْكَ	نَسْعٰی	وَنَحْفِدُ
اور تیری ہی طرف	ہم دوڑتے ہیں	اور ہم خدمت کے لیے حاضر ہوتے ہیں

وَ	نَرْجُوْ	رَحْمَتَكَ
اور	ہم امید رکھتے ہیں	تیری رحمت کی

وَ	نَخْشٰی	عَذَابَكَ
اور	ہم ڈرتے ہیں	تیرے عذاب سے

إِنَّ	عَذَابَكَ	بِالْكُفَّارِ	مُلْحِقٌ
بے شک	عذاب تیرا	کافروں کو	پہنچنے والا ہے

چند مشہور سورتیں

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

شمار	سورت
1	الفاتحہ
2	آیت الکرسی
3	الفیل
4	قریش
5	الماعون
6	الکوثر

شمار	سورت
7	الکافرون
8	النصر
9	اللھب
10	الاخلاص
11	الفلق
12	الناس

تَعَوُّذ

أَعُوْذُ	بِاللّٰهِ	مِنَ الشَّیْطَانِ	الرَّجِیْمِ
میں پناہ میں آتا ہوں	اللہ کی	شیطان سے	جو مردود ہے

تلاوت سے پہلے شیطان سے حفاظت کا خیال رکھنے کی تعلیم

اللہ کی پناہ میں یعنی اللہ کی حفاظت میں

رَجِیْمٌ: مردود، اللہ کی رحمت سے دور

'safety first'; 'buckle up'; Get protection

تَسْمِیَہ

میری انتہائے نگارش یہی ہے
تیرے نام سے ابتدا کر رہا ہوں

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ (۱)
نام سے	اللہ کے	جو بہت مہربان	رحم کرنے والا ہے

تجوید کے ساتھ مل کر پڑھیے

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ (۱)
نام سے	اللہ کے	جو بہت مہربان	رحم کرنے والا ہے

اسمِ مبالغہ

اس طرح کے عربی الفاظ میں جوش اور تسلسل کا اظہار ہوتا ہے، جیسے:

اَلرَّحْمٰنُ	
غَضْبَانٌ	شدید غصہ میں
عَطْشَانٌ	شدید پیاسا
جَوْعَانٌ	شدید بھوکا

اَلرَّحِیْمُ	
جَمِیْلٌ	بہت خوبصورت
کَرِیْمٌ	بہت اچھے اخلاق والا
شَفِیْقٌ	بہت شفقت والا

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
نام سے	اللہ کے	جو بہت مہربان	رحم کرنے والا ہے

اَلرَّحْمٰنُ — پُرجوش رحمت والا Intensely Merciful — 182

اَلرَّحِيْمُ — مسلسل رحم کرنے والا Continually Merciful — 39

رحمت کے جوش کو تسلسل سے ضرب دیجیے

رحمت کی موسلا دھار بارش جو مسلسل ہو رہی ہو

سُوْرَةُ الْفَاتِحَة

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ (2)
تمام تعریفیں اور شکر	اللہ کے لیے ہے	رب ہے	تمام جہانوں کا

رَبٌّ

ذرے ذرے کو، کروڑوں خلیوں کو پل پل پالنے والا، آکسیجن پہنچانے والا

تمام جسمانی، روحانی، نفسیاتی ضرورتیں پوری کرنے والا

تمام جہانوں کا

عالمِ انسان، عالمِ ملائکہ، عالمِ جنّات، عالمِ حیوانات، عالمِ جمادات، عالمِ نباتات

مَالِكِ	يَوْمِ	الدِّيْنِ
مالک ہے	دن کا	بدلہ کے

يَوْمٌ (۱) — أَيَّامٌ (+)

دِيْنٌ کے دو معنی ہیں: — 92

1. بدلہ
2. زندگی کا نظام (دینِ اسلام)

393

اردو استعمالات — اشتقاقی ترجمہ

یومِ عرفہ، یومِ عاشورہ، یومِ آخرت، ایامِ عید، ایامِ تشریق

اس سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

مَالِكِ	يَوْمِ	الدِّيْنِ
مالک ہے	دن کا	بدلہ کے

- اس دن کی ہولناکی کو تصور میں لائیے۔ اس دن کی افراتفری کو سمجھنے کی کوشش کیجیے۔ (سورۂ عبس کی آخری آیات: 34 تا 42)
- اس آیت پر امید بھی ہو اور ڈر بھی۔ اللہ کی رحمت سے اچھی امید بھی ہو، ساتھ ہی گناہوں کے انجام سے ڈر بھی ہو۔
- لہٰذا: نیک بننے کا ارادہ کیجیے۔ گناہوں کو چھوڑنے کا عہد کیجیے اور قرآن پاک کے دامنِ شفاعت میں آجائیے۔

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

إِيَّاكَ	نَعْبُدُ	وَإِيَّاكَ	نَسْتَعِينُ
تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں	اور تجھ ہی سے	ہم مدد چاہتے ہیں

لَا مَعْبُودَ إِلَّا اللّٰهُ

إِيَّاهُ
إِيَّاهُمْ
إِيَّاكَ
إِيَّاكُمْ
إِيَّايَ
إِيَّانَا

ضمیر متصل: نَعْبُدُكَ

كَ	تیری

ضمیر منفصل: إِيَّاكَ نَعْبُدُ

إِيَّاكَ	صرف تیری

إِيَّاكَ	نَعْبُدُ	وَإِيَّاكَ	نَسْتَعِينُ
تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں	اور تجھ ہی سے	ہم مدد چاہتے ہیں

عبادت کی شرط: صحیح نیت کے ساتھ

- نماز، روزہ، زکوۃ، حج
- دعوت، نصیحت، جہاد
- علم حاصل کرنا، کمانا، دوسروں کی خدمت کرنا...
- مگر سب سے پہلے: نماز (جس نے نماز چھوڑی، اس نے دین کو ڈھادیا)

اردو سے اشتقاقی ترجمہ

استعانت، اعانت، عون، تعاون، معاون...

تصور، دھیان اور تجوید کے ساتھ مل کر اعادہ

إِيَّاكَ	نَعْبُدُ
تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں

وَإِيَّاكَ	نَسْتَعِينُ
اور تجھ ہی سے	ہم مدد چاہتے ہیں

- تیری عبادت کے لیے بھی تیری مدد چاہیے
- ایسی عبادت کے لیے جو تجھے پسند آجائے

اِهْدِنَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيمَ
ہدایت دے ہمیں	راستے کی	سیدھے

ہدایت: راستہ دکھا اور راستہ چلا

هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ	هُدًى لِّلنَّاسِ

قرآن ہدایت ہے... ہادی ہے، سیدھے راستے کی طرف

- "راستہ دکھا" اور "راستہ پر چلا"، دونوں میں بہت بڑا فرق ہے.
- ہر نماز یاد دہانی کہ ہدایت پر قائم رہنا ہے تو قرآن سمجھنا ضروری

اِهْدِنَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ
ہمیں ہدایت دے	راستے کی	سیدھے

☐ اس نماز کے بعد، اگلی نماز تک، جو بھی میں کروں اس میں ہدایت دے ۔

کتاب وسنت متن ہے اور فقہ اس کی تشریح

اِهْدِنَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ
ہمیں ہدایت دے	راستے کی	سیدھے

ہدایت پر قائم رہنے کے لیے منصوبہ بندی کیجیے

☐ ہدایت کا اصل منبع؟ قرآن اور سنت! اور قرآن وسنت کا وہ فہم جو ہمارے اکابر کا تھا: فقہ

.ان تینوں کو سمجھنے کے لیے کیا یہ دعا کافی؟ احتساب اور منصوبہ بندی ضروری.

سیدھے راستے کی نشاندہی

صِرَاطَ	الَّذِيْنَ	أَنْعَمْتَ	عَلَيْهِمْ
راستہ	ان لوگوں کا	انعام کیا تونے	ان پر

☐ کس پر انعام؟ چار طبقات پر: انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین

☐ انبیاء کا طریقہ کیا؟ ▪ چار کام: تعلیم وتعلّم ▪ تزکیہ واصلاح ▪ دعوت وتبلیغ ▪ تنفیذ (اعلائے کلمۃ اللہ، امر بالمعروف ونہی عن المنکر، جہاد فی سبیل اللہ)

☐ نبوی محنت کے چار مراکز: مسجد ▪ مدرسہ ▪ خانقاہ ▪ معسکر

ان چاروں کو آباد کیجیے. ان چاروں سے تعلق رکھیے

شہیدوں کا طریقہ کیا؟

☐ دینِ حق کی خاطر ہر طرح کی مشقت برداشت کی ۔

☐ اپنی جان تک دے دی اس کام کے لیے ۔

☐ ہمارے پاس وقت بھی نکالنا مشکل!!!

☐ شہید ایک جماعت کا حصّہ ہوتا ہے ۔

☐ آپ بھی جماعت کا حصّہ بنیے، مل کر کام کیجیے ۔

☐ دعا کے بعد احتساب اور منصوبہ بندی ہو، ورنہ دعا سچی نہیں!

غَيْرِ	الْمَغْضُوْبِ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	الضَّآلِّيْنَ
نہ	غضب کیا گیا	ان پر	اور نہ	جو گمراہ ہوئے

مَغْضُوْبٌ جس پر غضب کیا گیا — ضَالٌّ جو گمراہ ہوا

گمراہوں کی دو قسمیں

- مَغْضُوْبٌ: جن کو معلوم ہے مگر عمل کرتے نہیں۔
- ضَالٌّ : جن کو معلوم ہی نہیں۔

" یا اللہ ! ہمیں علم اور عمل دونوں کی توفیق دے ۔ "

وَلَا	الضَّآلِّيْنَ
اور نہ	جو گمراہ ہوئے

I	II	+
ضَالٌّ	ضَالَّانِ	ضَالُّوْنَ، ضَالِّيْنَ

1. راہ گم کرنے والا 2. ناواقف تَضِلَّ اِحْدٰهُمَا.(2-282)

دوسرے ترجمے سے ناواقف لوگ غلط فہمی میں مبتلا ہو جاتے ہیں

وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى اور پایا آپ کو ناواقف، پس راہ سجھا دی ۔ (الضحیٰ:7)

تصور، دھیان اور تجوید کے ساتھ مل کر دہرایئے

غَيْرِ	الْمَغْضُوْبِ	عَلَيْهِمْ	وَلَا	الضَّآلِّيْنَ
نہ	غضب کیا گیا	ان پر	اور نہ	جو گمراہ ہوئے

❖ سوچیے ! ہم جن کی پیروی کرتے ہیں، ایسا تو نہیں کہ وہ:
سیدھے راستے کو جانتے ہی نہیں ؟ یا جانتے ہیں مگر مانتے نہیں ؟

❖ ایسے لوگوں کے ساتھ رہیے جو سیدھا راستہ جانتے بھی ہوں، مانتے بھی ہوں: اہلِ حق علماء، متبع سنت بزرگانِ دین ۔

آیت الکرسی

- ☐ قرآن کریم کی افضل ترین آیت
- ☐ پچاس کلمات اور دس جملوں پر مشتمل

خود کو شیطانی اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے
ہر فرض نماز کے بعد اس کا ورد کیجیے ۔

گھر کو شیطانی اثرات سے پاک کرنے کے لیے
رات سونے سے پہلے سورۂ اخلاص اور معوذتین کے ساتھ پڑھ کر گھر کا حصار کریجیے ۔

آیت الکرسی

اَللّٰهُ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ
اللہ	نہیں معبود	سوائے اس کے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

- ❑ عبادت اور غیر مشروط اطاعت صرف اللہ ہی کے لیے۔
- ❑ رکوع، سجدہ، نذر و نیاز صرف اللہ ہی کے لیے۔
- ❑ یہ کلمہ کائنات کی جان اور ایمان کی اساس ہے۔
- ❑ جب یہ کلمہ پڑھنے والا کوئی نہیں رہے گا تو قیامت آجائے گی۔

اَلْحَیُّ	اَلْقَیُّوْمُ
زندہ	تھامنے والا

اَلْحَیُّ

- ❑ اُس کی حیات ازلی اور ابدی ہے۔ اس کا نہ کوئی آغاز ہے نہ انتہا۔
- ❑ وہ ہمیشہ سے زندہ ہے اور ہمیشہ زندہ رہے گا۔

اَلْقَیُّوْمُ

- ❑ وہ خود سے قائم ہے، ساری کائنات کے قیام کا سبب بھی وہی ہے۔
- ❑ عرش سے فرش تک، ملائکہ سے انسان تک، سب کو سنبھالنے والا وہی ہے۔

لَا	تَأْخُذُهٗ	سِنَةٌ	وَّلَا	نَوْمٌ
نہ	اُسے آتی ہے	اونگھ	اور نہ	نیند

- ❑ بے شمار جہانوں کا نگہبان
- ❑ ایسے جہان جن میں سے کئی اب تک انسان کی پہنچ سے دور ہیں
- ❑ ان سب کی نگرانی، سب کی ضروریات کی تکمیل کرنے والا

لَا	تَأْخُذُ	هٗ
نہیں	پکڑتی	اُسے

أَخَذَ يَأْخُذُ(ن): اس نے پکڑا

لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْأَرْضِ
اسی کا ہے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں (ہے)

زکوۃ اور عُشر مالکِ حقیقی کو دیا گیا قرض ہی نہیں، فرض بھی ہیں

- ❑ کائنات کے ذرہ ذرہ کا مالک، ہمہ گیر اور لا محدود ملکیت
- ❑ انسانی حقیقی مالک نہیں، مالکِ حقیقی کا نائب ہے
- ❑ ملکیت پر لازم شرعی حقوق:

تجارتی پیداوار پر زکوۃ: (2.50%)

زمینی پیداوار پر زکوۃ: اگر پانی کا خرچہ ہو (5%) اگر پانی کا خرچہ نہ ہو (10%)

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

مَنْ	ذَا الَّذِیْ	یَشْفَعُ	عِنْدَهٗ	اِلَّا	بِاِذْنِهٖ
کون (ہے)	وہ جو	سفارش کرے	اس کے پاس	مگر (بغیر)	اس کی اجازت سے

- ❑ اس کی اجازت کے بغیر کوئی لب ہلا سکتا ہے نہ کسی کی سفارش کر سکتا ہے۔
- ❑ اللہ تعالیٰ کسی کی سفارش قبول کرنے پر مجبور نہیں۔
- ❑ وہ اپنے نیک بندوں کو سفارش کی اجازت محض ان کی عزت افزائی کے لیے دے گا۔

بِ	اِذْنِ	هٖ
سے	اجازت	اس کی

أَذِنَ یَأْذَنُ (س) ....
إِذْنٌ: اجازت دینا

یَعْلَمُ	مَا	بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ	وَمَا	خَلْفَهُمْ
وہ جانتا ہے	جو	ان کے سامنے (ہے)	اور جو	ان کے پیچھے (ہے)

- ❑ اللہ کا علم ہر چیز کو محیط ہے۔
- ❑ اس کی نظر میں ماضی، حال اور مستقبل سب برابر ہیں۔
- ❑ کائنات کا ذرہ ذرہ ہر وقت اس کی نظر میں ہے۔

"اگر تم گناہ کرنا ہی چاہتے ہو تو ایسی جگہ چلے جاؤ جہاں تمہیں تمہارا مہربان اور غیرت مند رب نہ دیکھ رہا ہو۔"

معنی کا دھیان رکھ کر تجوید کے ساتھ مل کر دہرائیے

وَلَا	یُحِیْطُوْنَ	بِشَیْءٍ	مِّنْ	عِلْمِهٖ
اور نہیں	وہ احاطہ کرتے	کسی چیز کا	سے	اس کے علم

اِلَّا	بِمَا	شَآءَ
مگر	جتنا	وہ چاہے

- ❑ انسان کو صرف اُسی چیز کا علم ہو سکتا ہے جس کا علم اللہ اسے دینا چاہے۔
- ❑ انسان کے علم کی ایک حد ہے۔ وہ جتنی بھی ترقی کر لے اُس کو عبور نہیں کر سکتا۔
- ❑ سب کچھ جاننے کا دعویٰ تاریخِ انسانی کا پُرانا دھوکہ ہے۔
- ❑ اس دھوکے نے انسان کو ہمیشہ ہی نقصان پہنچایا ہے۔

وَسِعَ	کُرْسِیُّ	هُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ
گھیر لیا	کرسی	اس کی	آسمانوں (کو)	اور زمین (کو)

- ❑ اللہ کا اقتدار، اس کی حکومت اور اس کا علم تمام جہانوں کو گھیرے ہوئے ہے۔
- ❑ کوئی بھی اس کے علم اور قدرت سے باہر نہیں۔
- ❑ ناقص العقل انسان کو سمجھانے کے لیے بعض اوقات معروف چیزوں کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ (انسان کی نظر میں کرسی اقتدار کی علامت ہے)
- ❑ ایک عجیب کیفیت! مجھ پر جس ذات کی حکومت ہے، میں اس سے بھاگ سکتا ہوں، نہ چھپ سکتا ہوں۔ میں ہر وقت اس کی رحمت کے سائے میں ہوں۔

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

خود آزمائشی امتحان

وَلَا	يَؤُدُ	هٗ	حِفْظُهُمَا
اور نہیں	تھکاتی	اس کو	حفاظت ان دونوں کی

- ❑ ہم ایک چھوٹے سے گھر یا ادارے کو چلاتے ہوئے تھک جاتے ہیں۔
- ❑ وہ جو کار خانۂ عالم کو چلا رہا ہے، کبھی نہیں اکتاتا، کبھی نہیں تھکتا۔
- ❑ دُعا کریں ہم دین کا کام کرتے ہوئے (قرآن شریف سیکھتے ہوئے) نہ اکتائیں، نہ تھکیں۔

آدَ يَؤُوْدُ...أَوْدٌ (ن)	بوجھل کرنا، تھکا دینا
حَفِظَ يَحْفَظُ...حِفْظٌ (س)	حفاظت کرنا

وَهُوَ	الْعَلِيُّ	الْعَظِيْمُ. (255-2)
اور وہ	بلند مرتبہ	عظمت والا (ہے)

- ❑ اتنا بلند کہ ساری بلندیاں اُس پر ختم۔
- ❑ اتنا عظیم کہ ساری عظمتوں کی اُس پر انتہا۔

گہرے شعور اور یقین کے ساتھ مذکورہ بالا الفاظ دہرائیے، تاکہ:

- ❑ وہ ہمیں بھی اقوامِ عالم میں بلندی اور عظمت عطا کرے۔
- ❑ اس عظمت کے حصول کے لیے محنت اور دیانت کی توفیق دے۔

سُوْرَةُ الْفِيْلِ

أَ	لَمْ	تَرَ	كَيْفَ	فَعَلَ	رَبُّكَ	بِأَصْحَابِ الْفِيْلِ
کیا	نہیں	دیکھا آپ نے	کیسا	کیا	آپ کے رب نے	ہاتھی والوں سے

4 حروفِ نفی

مَا	نہیں
لَا	نہیں

پہلے دو ماضی مضارع میں مشترک

لَمْ	نہیں، did not
لَنْ	نہیں، never will

آخری دو مضارع کے ساتھ خاص

پرندے کب آتے ہیں؟

وَّأَرْسَلَ	عَلَيْهِمْ	طَيْرًا	أَبَابِيْلَ.
اور بھیجے	ان پر	پرندے	جھنڈ کے جھنڈ

- ❑ اللہ تعالیٰ چاہے تو معمولی چیزوں سے بڑے بڑے کام لے سکتا ہے۔
- ❑ اس سے نصرت اور عافیت مانگتے رہنا چاہیے۔
- ❑ اس کی نصرت اس کی اطاعت سے آتی ہے۔

"اور اللہ تعالیٰ ضرور بالضرور ان لوگوں کی مدد کرے گا جو اس کے دین کی مدد کریں گے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑی قوت والا، بڑے اقتدار والا ہے۔" (الحج:46)

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

کہاں کنکری اور کہاں ہاتھی؟

تَرْمِيْهِمْ	بِحِجَارَةٍ	مِّنْ سِجِّيْلٍ.
پھینکتے تھے ان پر	پتھر	پکی مٹی کے

بھوسا اور وہ بھی کھایا ہوا!

فَجَعَلَهُمْ	كَعَصْفٍ	مَّأْكُوْلٍ.
پس کر دیا ان کو	بھوسے کی طرح	کھائے ہوئے

طاقت کے گھمنڈ میں نہیں آنا چاہیے۔ غرور کا سر ہمیشہ نیچا ہوتا ہے۔

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ

لِإِيْلٰفِ	قُرَيْشٍ	إِيْلَافِهِمْ	رِحْلَةَ	الشِّتَآءِ
مانوس کرنے کے لیے	قریش (کو)	ان کو مانوس کرنے کے لیے	سفر	سردی کے

وَالصَّيْفِ.	فَلْيَعْبُدُوْا	رَبَّ	هٰذَا	الْبَيْتِ.
اور گرمی کے	پس وہ عبادت کریں	رب کی	اس	گھر کے

جس شخص کو کسی دینی خصوصیت کی وجہ سے دنیا میں کوئی نعمت میسر ہو، اسے دوسروں سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اطاعت کرنی چاہیے۔

غربت اور بدامنی کا خاتمہ کیسے؟

الَّذِيْٓ	أَطْعَمَهُمْ	مِّنْ جُوْعٍ.
جس نے	کھانا دیا انھیں	بھوک سے

وَّ	اٰمَنَهُمْ	مِّنْ خَوْفٍ.
اور	امن دیا انہیں	خوف سے

دنیا میں دو بڑی نعمتیں ہیں: رزق کی فراوانی اور امن وامان کی بحالی۔ یہ دونوں نعمتیں سچائی اور انصاف کے صلے میں ملتی ہیں اور عبادت واطاعت سے ان میں اضافہ ہوتا ہے۔

سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ

أَ	رَأَيْتَ	الَّذِيْ	يُكَذِّبُ	بِالدِّيْنِ.
کیا	دیکھا تم نے	اس کو جو	جھٹلاتا ہے	بدلے کے دن کو

فَ	ذٰلِكَ	الَّذِيْ	يَدُعُّ	الْيَتِيْمَ.
پس	یہی ہے وہ	جو	دھکے دیتا ہے	یتیم کو

یتیم کو دھکے دے کر نکالنا اتنا بڑا گناہ ہے کہ کسی مسلمان سے اس کی توقع نہیں کی جاسکتی۔

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

غربت کی طرح امارت بھی ایک آزمائش ہے

فَ	ذٰلِكَ	الَّذِيْ	يَدُعُّ	الْيَتِيْمَ .
پس	یہی ہے وہ	جو	دھکے دیتا ہے	یتیم کو

وَ	لَا	يَحُضُّ	عَلٰى طَعَامِ	الْمِسْكِيْنِ.
اور	نہیں	رغبت دلاتا	کھانے پر	مسکین کے

اگر کسی مستحق کی خود کوئی مدد نہ ہو سکے تو دوسروں کو ترغیب دینی چاہیے یا کم از کم مناسب الفاظ میں عذر کرنا چاہیے. سخت بات ہر گز نہ کہی جائے.

نماز اور زکوٰۃ میں سُستی یا دکھاوا تباہی کا عنوان ہے

فَ	وَيْلٌ	لِّلْمُصَلِّيْنَ .
پس	خرابی ہے	ان نمازیوں کے لیے

الَّذِيْنَ	هُمْ	عَنْ	صَلَاتِهِمْ	سَاهُوْنَ .
جو کہ	وہ	سے	اپنی نماز	غافل ہیں

معنی کا دھیان رکھتے ہوئے تجوید کے ساتھ مل کر پڑھیے

دیکھنے میں معمولی... لیکن اجر بہت زیادہ

الَّذِيْنَ	هُمْ	يُرَآءُوْنَ	وَيَمْنَعُوْنَ	الْمَاعُوْنَ .
جو کہ	وہ	دکھاوا کرتے ہیں	اور روکتے ہیں	معمولی چیز

- استعمال کی وہ چیزیں جو پڑوسی ایک دوسرے سے مانگ لیا کرتے ہیں.
- زکوٰۃ کی شرح چالیسواں حصہ (ڈھائی فیصد) ہے. یہ بھی انسان کی دولت کا معمولی حصہ ہوتا ہے......
- زمینی پیداوار کی زکوٰۃ کی شرح اگر پانی کا خرچہ ہو تو پانچ ورنہ دس فیصد ہے.
- پانچ دریاؤں والے زرعی ملک میں سال میں ایک مرتبہ غریبوں کو 5% بھی نہیں دیا جاتا!!

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ

إِنَّآ	أَعْطَيْنٰكَ	الْكَوْثَرَ .
بے شک ہم نے	عطا کیا آپ کو	کوثر

فَصَلِّ	لِرَبِّكَ	وَانْحَرْ .
پس نماز پڑھیے	اپنے رب کے لیے	اور قربانی دیجیے

إِنَّ	شَانِئَكَ	هُوَ	الْأَبْتَرُ .
بیشک	آپ کا دشمن	وہ	دُم کٹا (نامراد) ہے

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

إِنَّآ	أَعْطَيْنٰكَ	الْكَوْثَرَ.
بے شک ہم نے	عطا کیا آپ کو	کوثر

576	أَنْ	أَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا اللهُ
185	أَنَّ	أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ
628	إِنْ	إِنْ شَاءَ اللهُ
960	إِنَّ	إِنَّ اللهَ مَعَ الصَّابِرِيْنَ

2349

جانی اور مالی عبادت

فَصَلِّ	لِرَبِّكَ	وَانْحَرْ.
پس نماز پڑھیے	اپنے رب کے لیے	اور قربانی دیجیے

صلوٰۃ	تمام جانی عبادتوں کی جان
قربانی	مالی عبادتوں میں سے قدیم ترین سنت

کبھی کبھی عنوان کا ذکر کر کے تمام ضمنی چیزیں مراد ہوتی ہیں

گستاخ رسول کی بد بختی

إِنَّ	شَانِئَكَ	هُوَ	الْأَبْتَرُ.
بیشک	آپ کا دشمن	وہ	دُم کٹا (نامراد) ہے

- ❑ ایسا شخص اللہ تعالیٰ سے دشمنی مول لیتا ہے.

إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِيْنَ. (النحل:95)

"یقین رکھو! ہم تمہاری طرف سے ان لوگوں سے نمٹنے کے لیے کافی ہیں جو تمہارا مذاق اڑاتے ہیں."

- ❑ ایسا بد بخت برے انجام کا شکار ہو گا.
- ❑ اس کا نام و نشان بھی نہیں رہے گا.

سُوْرَةُ الْكَافِرُوْن

قُلْ	يَا أَيُّهَا	الْكَافِرُوْنَ.
کہہ دیجیے	اے	کافرو!

يَا	أَيُّهَا	أَيَّتُهَا	يَا أَيُّهَا	يَا أَيَّتُهَا
185	19	1	133	1

339

بعض الفاظ تاکید کے لیے بڑھا دیے جاتے ہیں۔ ان کا الگ سے کوئی معنی نہیں ہوتا

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

ایک اہم سوال ...

- کچھ مسلمان کہتے ہیں: "سب غیر مسلم جانتے ہیں کہ اسلام کیا ہے؟ میڈیا اور انٹرنیٹ کے ذریعہ ..."
- اس کا جواب: 90% سے زیادہ مسلمان نہیں جانتے کہ قرآن میں کیا ہے؟ پھر دوسروں سے کیسے امید کہ وہ اسلام کے بارے میں جانتے ہوں گے؟
- یہ دعوت کے کام سے جان چرانا ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے مکہ کے قریش کو کتنے سال پیغام پہنچایا؟ 13 سال!! اور ہم نے؟ 13 گھنٹے؟

قرآن سیکھیے، عمل کیجیے اور اس پر عمل کی دعوت دیجیے

لَا	أَعْبُدُ	مَا	تَعْبُدُوْنَ.
نہیں	میں عبادت کرتا	جس کی	تم عبادت کرتے ہو

صاف جواب

إِيَّاكَ نَعْبُدُ
لَا تَعْبُدُوْا إِلَّا إِيَّاهُ

- ☐ عقیدے کے معاملے میں کوئی مصالحت نہیں
- ☐ عبادت کے تین معنی ہیں:

1- پوجا و پرستش . 2- اطاعت و فرمانبرداری. 3- غلامی.

تینوں معانی میں صرف اللہ ہی کی عبادت ہونا چاہیے.

احساس کمتری سے جان چھڑائیے!

لَا أَعْبُدُ	مَا	تَعْبُدُوْنَ.
نہیں میں عبادت کرتا	جس کی	تم عبادت کرتے ہو

- ☐ آج کے کافر: اسلام کو اتنا بدنام کرنے کی کوشش کہ مسلم پریشان!
- ☐ خاص کر اتباعِ سنت اور جہاد فی سبیل اللہ کو!
- ☐ پورے ایمان و یقین کے ساتھ اور اس دین پر اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے ذرہ برابر بھی احساس کمتری کے بغیر اسلام پر عمل کیجیے.
- ☐ ان کو اس طرح دیکھیے جیسے آپ اندھے یا زہر کھانے والے کو دیکھتے ہیں.

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

دو رنگی چھوڑ کر یک رنگ ہو جا

وَلَا	أَنتُمْ	عَابِدُونَ	مَا	أَعْبُدُ .
اور نہ	تم	عبادت کرنے والے ہو	جس کی	میں عبادت کرتا ہوں

- وہ عبادت جس میں شرک کی ملاوٹ ہو، اللہ کو ہر گز قبول نہیں.
- سارے مذاہب ایک نہیں ہو سکتے. دوسروں کے نزدیک God کا تصور وہ نہیں جو ہمارے ہاں اللہ رب العزت کا ہے.

"اتحاد بین المذاہب" ہمارے دور کا جدید ترین فتنہ ہے.

نہ آج نہ کل

وَلَا أَنَا	عَابِدٌ	مَّا	عَبَدتُّمْ .
اور نہ میں	عبادت کرنے والا ہوں	جس کی	تم نے عبادت کی

شدّت سے انکار کہ تمہارے معبودوں کی عبادت

- نہ اب (لَآ أَعْبُدُ) اور نہ مستقبل میں (وَلَآ أَنَا عَابِدٌ)
- نہ موجودہ معبودوں کی (مَا تَعْبُدُونَ) نہ ماضی کے معبودوں کی (مَا عَبَدتُّمْ)

مسلمانوں اور غیر مسلموں کے درمیان معاہدے کا اصول

وَلَا	أَنَا	عَابِدٌ	مَّا	عَبَدتُّمْ .
اور نہ	میں	عبادت کرنے والا ہوں	جس کی	تم نے عبادت کی

ایسا کوئی معاہدہ یا رویّہ قابلِ قبول نہیں جس سے

1. حق و باطل کا امتیاز ختم ہو جائے.
2. دینِ حق میں شرک یا کفر کی ملاوٹ کر دی جائے.
3. غیر مسلموں کے شعائر کو اختیار کرنا پڑے.

غیر مسلموں کے ساتھ کون سا معاہدہ نہیں ہو سکتا؟

وَلَا	أَنَا	عَابِدٌ	مَّا	عَبَدتُّمْ .
اور نہ	میں	عبادت کرنے والا ہوں	جس کی	تم نے عبادت کی

صرف ایسا معاہدہ یا صلح ہو سکتی ہے جس میں اپنے دین پر قائم رہتے ہوئے منصفانہ بنیادوں پر کچھ اصولی باتیں طے کر لی جائیں. (الانفال: 61)

ایسے معاہدے کی پاسداری فرض ہے. الحمد للہ! مسلمانوں کی تاریخ مخالفین کے نزدیک بھی عہد شکنی کے الزام سے پاک وصاف ہے.

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

خود آزمائشی امتحان

اتحاد بین المسلمین نہ کہ اتحاد بین المذاہب

لَکُمْ	دِیۡنُکُمۡ	وَلِیَ	دِیۡنِ .
تمہارے لیے	تمہارا دین	اور میرے لیے	میرا دین

- ❑ مطلب یہ نہیں کہ سارے مذہب برابر۔
- ❑ نہ ہی ایسا پیغام کہ ہمیں تبلیغ روک دینی چاہیے۔ کیا محمد ﷺ نے صلح حدیبیہ کے بعد تبلیغ چھوڑ دی تھی؟
- ❑ دینی معاملات میں مصالحت (Compromise) کی پیشکش کے جواب میں یہ آیت دو ٹوک جواب ہے۔
- ❑ کیا میں واقعی اس دین کی قدر کرتا ہوں؟؟؟ کیا میں اس پر عمل کرنے اور اس کو آگے پہنچانے کی کوشش کرتا ہوں؟

سُوۡرَةُ النَّصۡرِ

إِذَا	جَآءَ	نَصۡرُ اللّٰهِ	وَالۡفَتۡحُ .
جب	آجائے	اللہ کی مدد	اور فتح

إِذَا کے بعد ماضی آئے تو وہ مضارع ہو جاتا ہے

693

جَآءَ	آیا
إِذَا جَآءَ	جب آئے

إِذَا	جَآءَ	نَصۡرُ اللّٰهِ	وَالۡفَتۡحُ .
جب	آجائے	اللہ کی مدد	اور فتح

اشتقاقی ترجمہ

92

نصرت : مدد

ناصر، منصور، نصرتِ الٰہی، غیبی نصرت

- ❑ ہم صرف کوشش کرتے ہیں۔ اللہ کی مدد سے ہی ہر چیز ہو سکتی ہے۔

اللہ کی مدد اس کے دین کی مدد سے آتی ہے۔ "إِنۡ تَنۡصُرُوا اللّٰهَ يَنۡصُرۡكُمۡ." (محمد:7)

إِذَا	جَآءَ	نَصۡرُ اللّٰهِ	وَالۡفَتۡحُ .
جب	آجائے	اللہ کی مدد	اور فتح

فَتۡحٌ: (1) کھولنا (2) جیت، کامیابی

29

- ❑ نصرت الٰہی فتح و کامیابی کے راستے کھولتی ہے۔
- ❑ نصرت فتح کا سبب اور فتح نصرت کا نتیجہ ہوتی ہے۔
- ❑ نصرت الٰہی کے ذریعے کبھی شکست سے حفاظت اور کبھی فتح کا حصول ہوتا ہے۔

اشتقاقی ترجمہ

فتح و نصرت، فتح مبین، اسلامی فتوحات، فاتحین اسلام

حصول نصرت کا نسخہ : دعا، احتساب، منصوبہ بندی

إِذَا	جَآءَ	نَصْرُ اللّٰهِ	وَالْفَتْحُ .
جب	آجائے	اللہ کی مدد	اور فتح

- دعا: اے اللہ ہمیں بھی نصرت اور فتح نصیب کر
- احتساب: . . . ہم نے نصرت کے حصول کے لیے کیا کیا؟
- منصوبہ بندی: (انفرادی اور اجتماعی) تاکہ نصرت و فتح نصیب ہو
(اس دن، اس مقام پر کیا کر سکتا ہوں؟) وقت، پیسہ، صلاحیت!

وَرَأَيْتَ	النَّاسَ	يَدْخُلُوْنَ
اور آپ دیکھیں	لوگوں کو	داخل ہو رہے ہیں

فِيْ	دِيْنِ اللّٰهِ	أَفْوَاجًا .
میں (بیچ)	اللہ کے دین	فوج در فوج

- نتیجہ فتح و نصرت کا: دین میں داخلہ
- ہم صرف اس نیت سے فتح چاہتے ہیں کہ لوگوں کی ہدایت کے لیے راستے کھلیں۔
- ہم فتح سے پہلے لوگوں کی ہدایت کیلیے دعوت اور اصلاح کا کام کر رہے ہیں؟

فِيْ	دِيْنِ	اللّٰهِ
میں (بیچ)	دین	اللہ کے

دِيْنٌ	زندگی گزارنے کا طریقہ
دِيْنُ الْإِسْلَامِ	اسلام کے مطابق زندگی گزارنے کا طریقہ صرف عبادات نہیں پورا نظام حیات
مَا دِيْنُكَ؟	قبر کا دوسرا سوال: کیا ہے تمہارا دین... طرز زندگی؟

فَسَبِّحْ	بِحَمْدِ	رَبِّكَ	وَ	اسْتَغْفِرْ	هُ.
پس پاکی بیان کیجیے	تعریف کے ساتھ	اپنے رب کی	اور	بخشش مانگیے	اس سے

فَ	پس
سَبِّحْ	پاکی بیان کیجیے

48

- جوڑی دار: حمد اور تسبیح میں خاص مناسبت ہے
- حمد: خوبیوں کا بیان
- تسبیح: خامیوں کی نفی

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

فَسَبِّحْ	بِحَمْدِ	رَبِّكَ	وَاسْتَغْفِرْهُ
پس پاکی بیان کیجیے	تعریف کے ساتھ	اپنے رب کی	اور اس سے بخشش طلب کیجیے

95

- نیک کام میں کمی کوتاہی بھی گناہ ہے
- ہماری نیکیاں بھی گناہ آلودہ ہیں
- اخلاص کی کمی، آداب میں کوتاہی

استغفار
مغفرت
مغفور

❖ جب نیک کام کی توفیق ملے تو تسبیح، حمد اور استغفار
❖ ہماری تسبیح اور حمد دونوں ناقص، اس پر بھی استغفار

إِنَّهُ	كَانَ	تَوَّابًا.
بے شک وہ	ہے	بہت توبہ قبول کرنے والا

كَانَ کا اصلی معنی: تھا

صرف اللہ کے لیے اس کا مطلب ہے: ہے

تَابَ: پلٹا تَائِبٌ: پلٹنے والا
تَوَّابٌ: بار بار پلٹنے والا

اللہ — بہت توبہ قبول کرنے والا
بندہ — بہت توبہ کرنے والا

باز آ باز آ، ہر آنچہ ہستی باز آ
صد بار گر توبہ شکستی باز آ

سُوْرَةُ اللَّهَبِ

تَبَّتْ	يَدَآ	أَبِي لَهَبٍ	وَّ	تَبَّ.
ٹوٹ گئے	دونوں ہاتھ	ابولہب کے	اور	وہ ہلاک ہوا

مَآ	أَغْنٰى	عَنْهُ	مَالُهٗ	وَمَا	كَسَبَ.
نہ	کام آیا	اس کے	اس کا مال	اور جو	اس نے کمایا

جب بداعمالیوں کا وبال آجائے تو مال و دولت اور اولاد و حمایتی کچھ کام نہیں آتے

سَ	يَصْلٰى	نَارًا	ذَاتَ لَهَبٍ.
عنقریب	وہ داخل ہوگا	آگ میں	شعلے والی

- عذابِ قبر برحق ہے۔ توبہ نہ کی تو مرتے ہی اس کا سامنا کرنا ہوگا۔
- کبھی بھی، ہرگز، اپنے انجام سے بے خوف نہیں ہونا چاہیے۔
- رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں بے ادبی یا گستاخی کا عذاب دنیا و آخرت میں بہت سخت ہے۔
- سچی توبہ کیجیے (یعنی گناہ کا اعتراف، اس پر شرمندگی اور دوبارہ نہ کرنے کا پکا ارادہ) اور اس پر قائم رہنے کے لیے نیک لوگوں کی صحبت اختیار کیجیے۔

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

وَ	امْرَأَتُهٗ	حَمَّالَةَ	الْحَطَبِ.
اور	اس کی بیوی	لادنے والی	لکڑی (ایندھن)

اِمْرَأَةٌ + ...

اِمْرَأَتُهٗ
اِمْرَأَتُهُمْ
اِمْرَأَتُكَ
اِمْرَأَتُكُمْ
اِمْرَأَتِي
اِمْرَأَتُنَا

حَمْلٌ
حَمَّالٌ
حَمَّالَةٌ

عربی الفاظ کو اشتقاقی ترجمے کی مدد سے سمجھنے کی کوشش کیا کیجیے

انسانی تعلقات: رحمت بھی، زحمت بھی

فِيْ	جِيْدِهَا	حَبْلٌ	مِّنْ	مَّسَدٍ.
میں (بیچ)	اس کی گردن	رسی	سے	کھجور کی

- مخلوق چاہے شوہر ہو، والدین ہو یا کوئی اور، غلط چیزوں میں ان کی اطاعت جائز نہیں.
- برے راستے پر چلنے والے کا ساتھ دینے سے انجام برا ہی ہوتا ہے.
- بعض خواتین آزاد خیالی میں اپنے مردوں سے بھی آگے چلی جاتی ہیں جو نہایت خطرناک روش ہے.
- میاں بیوی میں سے کوئی ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ لے تو دونوں بچ سکتے ہیں. ورنہ...

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ

112

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	أَحَدٌ.
کہہ دیجیے	وہ	اللہ	ایک ہے

کہہ دیجیے

وہ اللہ ہے اکیلا

صرف اللہ کے لیے

تبلیغ کیجیے: بہترین انداز سے

اگر دعوت نہ دیں تو اپنا عمل بھی چھوٹ جاتا ہے

چاروں چیزوں میں کوئی شریک نہیں

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	أَحَدٌ.
کہہ دیجیے	وہ	اللہ	ایک ہے

- ❖ اللہ کی ذات میں کوئی شریک نہیں، اس کی کسی سے رشتہ داری نہیں۔
- ❖ اللہ کی صفات میں کوئی شریک نہیں (مثلاً کوئی غیب کو نہیں جانتا، کوئی اس کے جیسا سن نہیں سکتا، دیکھ نہیں سکتا، مدد نہیں کر سکتا، وغیرہ.)
- اللہ کے حقوق میں کوئی شریک نہیں (مثلاً اسی کی عبادت ہو، اسی کے سامنے سر جھکے، وغیرہ.)
- اللہ کے اختیارات میں کوئی شریک نہیں (مثلاً صرف اسی کا قانون قابلِ قبول ہے)

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

سب اس کے محتاج ہیں	وہ کسی کا محتاج نہیں

اَللّٰهُ	الصَّمَدُ.
اللہ	بے نیاز ہے

- ❑ تصوّر کیجیے کہ سارے انسان اور ساری مخلوقات اس کے کرم سے زندہ ہیں اور اسی سے بھیک مانگ رہے ہیں۔
- ❑ اے اللہ، تو میری ضرورتوں کو پورا کرتا رہا ہے، آگے بھی کر!
- ❑ اے اللہ مجھے تو صرف اپنا محتاج بنا، کسی کا محتاج نہ رکھ۔

لَمْ يَلِدْ	وَلَمْ يُوْلَدْ.
نہ اس نے (کسی کو) جنا	اور نہ وہ (کسی سے) جنا گیا

بُغدہ (ْ) اور ہتھوڑی (َ): مضارع بمعنی ماضی اور مستقبل

لَمْ	Did not	مضارع ماضی منفی کے معنی میں
لَنْ	Will never	مضارع مستقبل منفی کے معنی میں

لَمْ يَلِدْ	وَلَمْ يُوْلَدْ.
نہ اس نے (کسی کو) جنا	اور نہ وہ جنا گیا

معروف	يَلِدْ	اس نے جنا (active voice)	والدین
مجہول	يُوْلَدْ	وہ جنا گیا (passive voice)	اولاد
			ولادت
			میلاد

❑ اس آیت کو پڑھتے ہوئے اس پیغام کو 150 کروڑ عیسائیوں تک پہنچانے کی ذمہ داری کو محسوس کیجیے جو یہ غلط عقیدہ رکھتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں۔

وَلَمْ يَكُنْ	لَّهُ	كُفُوًا	أَحَدٌ.
اور نہیں ہے	اس کا	ہمسر	کوئی

کفاءت اور کفو: ہمسر، ہم پلہ: دولہا دولہن کے جوڑ والا اور برابری کا ورنہ خطرہ ہے ناچاقی کا

لڑکے کا خاندان — لڑکی کا خاندان

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

توحید کا سبق ہمیشہ دہراتے رہیے

وَلَمْ يَكُنْ	لَّهُ	كُفُوًا	أَحَدٌ.
اور نہیں ہے	اس کا	ہمسر	کوئی

❑ دل میں اس کی عظمت ایسے چھائے کہ کوئی بھی دور دور تک نظر ہی نہ آئے

○ نہ ذات میں، نہ صفات میں، نہ حقوق میں اور، نہ اختیارات میں

"آپ کہہ دیجیے ! تم پکارو ان کو جنہیں تم نے گمان کیا تھا اللہ کے سوا معبود، نہیں وہ اختیار رکھتے ذرہ برابر بھی آسمان میں اور نہ زمین میں، اور نہیں ہے ان کے لیے ان دونوں میں کوئی حصہ، اور نہیں ہے اس کے لیے ان میں سے کوئی مدد گار۔" (سبا:22)

صحابی کا واقعہ

➢ نماز کی ہر رکعت میں اخلاص پڑھتے پھر کوئی اور سورت . . .

"مجھے اس سے بہت محبت ہے"

" اس سورت سے تمہاری محبت نے تمہیں جنت میں داخل کردیا"

❖ اللہ تو میرا خالق، رازق، رب، سب سے بڑھ کر محسن، 70 ماؤوں سے زیادہ محبت کرتا ہے۔ !!! پھر کیوں نہ میں اس کا ذکر بار بار کروں؟

محبت سے بار بار پڑھیے

اس کے ساتھ توحید پھیلانے کا عزم بھی کیجیے !

سُوْرَةُ الْفَلَقِ

قُلْ	أَعُوْذُ	بِرَبِّ	الْفَلَقِ.
کہہ دیجیے	میں پناہ میں آتا ہوں	رب کی	صبح کے

❑ یاد رہے کہ انسان، فتنوں کے حملوں میں، دن ورات کی آفات میں، بعض شر پسند انسانوں میں، حاسدوں میں، وائرسوں میں، گھرا ہوا ہے۔

❑ اللہ کی عظمت کو محسوس کرتے ہوئے، اس کی ربوبیت کو، جس نے آج تک حفاظت دی ہے، اسی سے درخواست کیجیے کہ آج بھی وہ ہماری حفاظت کرے۔

مِنْ شَرِّ	مَا	خَلَقَ.
شر سے	(اس کے) جو	اس نے پیدا کیا

اشتقاقی ترجمہ

شَرٌّ	شرارت، شریر، شر پسند، شر انگیز
خَلَقَ	خالق، مخلوق، زبانِ خلق، خلقِ خدا

❑ مخلوقات کے شر سے صرف اللہ ہی تحفظ دے سکتا ہے۔

❑ جادو ٹونہ، ناجائز عملیات، غیر شرعی عامل کچھ نہیں کر سکتے۔

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

خود آزمائشی امتحان

ایک حرف تین مطلب

نہیں! کیا؟ جو

مَا

No	What	That
مَا فِيْهِ	مَا دِيْنُكَ؟	مَا تَحْتَ
نہیں اس میں	کیا ہے تمہارا دین؟	جو نیچے ہو

مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ میں سب شر شامل ہیں مگر 3 شرور کا خاص ذکر

1. غَاسِقٌ (اندھیرا)
2. نَفَّاثَاتٌ (جادو گرنیاں)
3. حَاسِدٌ (اندر ہی اندر کڑھنے والا)

تینوں میں ایک چیز مشترک ہے: خفیہ وار. انسان کو معلوم نہیں ہوتا کہ وہ شر کے حملے میں ہے (رات کے، جادو کے یا حاسد کے)

وَمِنْ شَرِّ	غَاسِقٍ	إِذَا	وَقَبَ.
اور شر سے	اندھیرے کے	جب	وہ چھا جائے

- إِذَا کے بعد ماضی آئے تو وہ مضارع ہو جاتا ہے

وَقَبَ: چھا گیا	إِذَا وَقَبَ: جب چھا جائے
حَسَدَ : حسد کیا	إِذَا حَسَدَ: جب حسد کرے

اندھیرے کا شر

وَ	مِنْ شَرِّ	غَاسِقٍ	إِذَا	وَقَبَ.
اور	شر سے	اندھیرے کے	جب	چھا جائے

- روزانہ ہر 12 گھنٹے کے بعد رات آتی ہے، رات میں کمانے کا وقت ختم ہو جاتا ہے، انسان نسبتاً فارغ ہوتا ہے. خالی دماغ، شیطان کا کارخانہ بن سکتا ہے.
- رات کے وقت اکثر غلط چیزیں اور شر و فتنے، جیسے خراب ٹی وی پروگرام، سینما، کلب، بدکاریاں، وغیرہ زیادہ ہوتی ہیں.
- دشمن کے حملے رات میں آسان ہوتے ہیں. سورۂ اخلاص و معوذتین اپنے اوپر دم کر کے سونا مسنون عمل ہے جو حصار کا کام دیتا ہے.

وَمِنْ شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ.
اور شر سے	پھونکیں مارنے والیوں کے	گرہوں میں

I	II	+
نَفَّاثَةٌ	نَفَّاثَتَانِ	نَفَّاثَاتٌ
پھونک مارنے والی جادوگرنی	عورتوں میں وہم، حسد اور جادو بہت پایا جاتا ہے	جادو ٹونا حرام ہے بعض صورتوں میں شرک اور کفر بھی ہے

وَمِنْ شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ.
اور شر سے	پھونکیں مارنے والیوں کے	گرہوں میں

I	+
عُقْدَةٌ	عُقَدٌ
گرہ	گرہیں

عَقْدِ نِكَاح	شادی کی گرہ
عَقْدِ بَيْع	سودے کی گرہ

جادو مسلمہ حقیقت ہے، لیکن غیر شرعی علاج اس کا حل نہیں

وَمِنْ شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ.
اور شر سے	پھونکیں مارنے والیوں کے	گرہوں میں

وہم نہ کریں اور نہ غیر شرعی عاملوں پر بھروسہ کریں:

- ہمارے بعض خاندانوں میں ایک بڑا مسئلہ: یہاں مت کھاؤ، وہاں مت پیو، کچھ بھی ہو جائے گا۔ یہ سورت اس کا بہترین علاج ہے۔
- جادو ایک سخت آزمائش، اچھے خاصے لوگوں کا عقیدہ ڈگمگانے لگتا ہے اور وہ اس کے توڑ کی خاطر غلط کام کرنے لگتے ہیں۔
- ایک اور قسم کے پھونکنے والے بھی ہیں جو روزانہ ہم میں سے ہر ایک کے سر پر رات میں 3 گانٹھ باندھتے ہیں!!! یعنی شیطان!

شیطان کی لگائی گئی تین گرہیں

وَمِنْ شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ.
اور شر سے	پھونکیں مارنے والیوں کے	گرہوں میں

أَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ سے روایت ہے کہ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے فرمایا: "شیطان تم میں سے ہر ایک کی گدی پر (سر کے آخری حصہ پر) جب وہ سوتا ہے، تین گرہیں لگا دیتا ہے، ہر گرہ پر وہ منتر پڑھتا ہے: "تیرے لیے رات بہت لمبی ہے، پس خوب سو!"" ...

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

اگر وہ...

وَمِنْ شَرِّ	النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ.
اور شر سے	پھونکیں مارنے والیوں کے	گرہوں میں

...اگر وہ بیدار ہو کر اللہ کا ذکر کرتا ہے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے، پھر اگر وہ وضو بھی کرلے تو ایک گرہ اور کھل جاتی ہے، پھر اگر اس نے نماز بھی پڑھی تو تمام گرہیں کھل جاتی ہیں اور وہ صبح اس حال میں کرتا ہے کہ وہ ہشاش بشاش اور پاکیزہ نفس ہوتا ہے، ورنہ اس کی صبح اس حال میں ہوتی ہے کہ وہ خبیث النفس اور سُست ہوتا ہے. "(بخاری، مسلم)

وَمِنْ شَرِّ	حَاسِدٍ	إِذَا حَسَدَ.
اور شر سے	حسد کرنے والے کے	جب وہ حسد کرے

حسد: کوئی شخص یہ چاہے کہ جو نعمت دوسرے کو ملی ہے، وہ اس سے چھن جائے اور مجھے مل جائے، یا کم از کم اس سے چھن جائے.

رشک: کوئی شخص یہ چاہے کہ جو نعمت دوسرے کو ملی ہے، وہ مجھے بھی مل جائے.

"حسد حرام ہے اور رشک جائز".

حسد: سبب، دفاع اور علاج

وَمِنْ شَرِّ	حَاسِدٍ	إِذَا	حَسَدَ.
اور شر سے	حسد کرنے والے کے	جب	وہ حسد کرے

- حاسد کون: "موچی موچی سے حسد کرتا ہے". یعنی عام طور پر ساتھیوں ہی میں حسد ہوتا ہے. اس کا سبب کم ظرفی... اور رضا بالقضا نہ ہونا ہے.
- حاسد کا شر: حاسد آپ کا نام خراب کرے گا یا نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گا.
- حسد سے دفاع: یہ سورت پڑھیے اور دعا کیجیے: اللہ ہمیں حاسد کے شر سے بچائے.
- حسد کا علاج: اپنے بھائی کے لیے دعا کیجیے، غائبانہ طور پر... آپ کو بھی ملے گا!

سُوْرَةُ النَّاسِ

قُلْ	أَعُوْذُ	بِرَبِّ النَّاسِ.
کہہ دیجیے	میں پناہ میں آتا ہوں	لوگوں کے رب کی

رب: ہر ایک کے جسم کے، ذرے ذرے کو، پل پل پرورش کرنے والا

- لوگوں کا رب: 700 کروڑ لوگوں کا... آدم علیہ السلام سے آج تک، اور قیامت تک...
- بارش برسانا، کھیتیاں اگانا، سورج اور زمین کی گردش کا، موسموں کا انتظام، سب کچھ کرنیوالا، سب کا خیال رکھنے والا.

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

مَلِكِ النَّاسِ	إِلٰهِ النَّاسِ.
لوگوں کے بادشاہ کی	لوگوں کے معبود کی

88

تین ملتے جلتے لفظ

مَلِكٌ (مُلُوكٌ)	بادشاہ
مَلَكٌ (مَلَآئِكَةٌ)	فرشتہ
مَالِكٌ (مُلَّاكٌ)	مالک

جس کا کھائیں اسی کا گائیں

مَلِكِ النَّاسِ.
لوگوں کے بادشاہ کی

- رب وہی، تو بادشاہ بھی اسی کو ہونا چاہیے. بادشاہ وہی جس کا قانون چلے.
- میں روزانہ اس کی بادشاہت کی آیات تلاوت کرتا ہوں، لیکن جب لوگ اللہ کے قانون کو ہٹادیتے ہیں تو مجھے ذرا بھی غیرت نہیں آتی؟
- اے اللہ! مجھے توفیق دے تجھے سچا بادشاہ ماننے کی، یعنی تیرے ہی قانون کو ماننے کی توفیق دے.

کیا جواب دوں گا؟

مَلِكِ النَّاسِ.
لوگوں کے بادشاہ کی

- یاد رکھیے! اللہ کے قانون کو ہٹانے والے جماعتیں، گروپس اور پارٹیز بنا کر کام کررہے ہیں۔ اگر میں اکیلا رہتا ہوں اور ان گروپس کا ساتھ نہیں دیتا جو اللہ کے قانون کو نافذ کرنے کے لیے مل کر محنت کررہے ہیں تو کل میں اللہ کے سامنے کیا جواب دوں گا؟؟؟ کہ میں پوری تجوید کے ساتھ تلاوت کرتا رہا؟ قرآن شریف کی گرامر سیکھتا رہا؟

سچا معبود ماننے کا تقاضا

إِلٰهِ النَّاسِ
لوگوں کے معبود کی

- سچا معبود بھی وہی ہے، مصیبت کے وقت لوگ اسی کو پکارتے ہیں، چاہے اس کا کتنا ہی انکار کریں.
- مجھ کو اس بات کی توفیق دے کہ تجھی کو سچا معبود مانوں، تیری ہی پرستش اور اطاعت کروں (شیطان اور اپنے نفس کی بات ماننے سے بچوں).
- ''کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنے نفس کو ''إِله'' بنالیا ہو؟'' (الفرقان:43)

پڑھنے کی ترتیب ...... دائیں سے بائیں

مِنْ شَرِّ	الْوَسْوَاسِ	الْخَنَّاسِ.
شر سے	وسوسہ ڈالنے والے کے	پیچھے ہٹ جانے والے کے

شَرّ: 1- برائی، تکلیف 2- برائی یا تکلیف کا سبب
(چاہے وہ دیکھنے میں اچھا ہو، جیسے بعض گناہ)

وَسْوَسَه: ایسے طریقے سے دل میں کوئی بُری بات ڈالنا کہ محسوس بھی نہ ہو۔ (NLP)

(ہیجان انگیز اشتہارات کی تکنیک: neuro linguistic programming)

اَلْوَسْوَاسِ: بار بار وسوسہ ڈالنے والا

اَلْخَنَّاسِ: 1- ظاہر ہونے کے بعد چھپنے والا . 2- (ذکرِ قلبی سے) ڈر کر پیچھے ہٹ جانے والا

الَّذِىْ	يُوَسْوِسُ	فِىْ صُدُوْرِ	النَّاسِ.
جو	وسوسہ ڈالتا ہے	سینوں میں	لوگوں کے

واحد	تثنیہ	جمع مکسر	
صَدْرٌ	صَدْرَانِ	صُدُوْرٌ	44
اِنْسَانٌ	اِنْسَانَانِ	اُنَاسٌ	300
كِتَابٌ	كِتَابَانِ	كُتُبٌ	263

مِنْ شَرِّ	الْوَسْوَاسِ	الْخَنَّاسِ.
شر سے	وسوسہ ڈالنے والے کے	پیچھے ہٹ جانے والے کے

انسان ہمیشہ دو میں سے ایک حالت میں ہوتا ہے

ذاکر (جب آپ اللہ کی طرف متوجہ ہوں) **یا** **غافل** (جب آپ کی توجہ اللہ سے ہٹ جائے)

شیطان ہمیشہ ان دو میں سے ایک حالت میں ہوتا ہے

وَسْوَاسٌ (جب آپ اللہ کو بھول جائیں) **یا** **خَنَّاسٌ** (جب آپ اللہ کو یاد کریں)

شیطان: انتہائی کھلا اور بہت چھپا دشمن

اس کا ایک ہی علاج ..... اللہ کا ذکر، اس کی پناہ

- ☐ وسوسہ ڈالتے وقت انسان کے دل کی توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف دیکھ کر (ذکرِ قلبی یا توجہ قلبی) فوراً ڈر کر پیچھے ہٹ جانے والا
- ☐ اللہ کے ذکر کی اہمیت کو محسوس کیجیے، اس سے شیطان "خنّاس" ہو جاتا ہے.
- ☐ شیطان کا صرف ایک ہی علاج ہے: "اللہ کی پناہ" اس کے ذکر کے ذریعے.

برائی کا سفر: پہلے قدم سے ہی لوٹ آیئے

وَسْوَسۃ — پہلا قدم
↓
نِیَّۃ — دوسرا قدم
↓
عَمَل — تیسرا قدم

اہل اللہ، متبع سنت علماء و مشائخ کی صحبت سے دل میں وہ نور اور تقویٰ پیدا ہوتا ہے جس سے گناہوں سے نفرت ہو جاتی ہے۔

بار بار کرنے سے عادت، عادت پھر انجام تک لے جاتی ہے ← ایسا شخص پہلے شیطان کا بھائی پھر نمائندہ

دل کے داغ اور ان کا علاج

اَلَّذِیْ	یُوَسْوِسُ	فِیْ صُدُوْرِ	النَّاسِ.
جو	وسوسہ ڈالتا ہے	دلوں میں	لوگوں کے

- ❑ شیطان کوشش کرتا ہے سینے میں وسوسہ ڈالنے کی
- ❑ سینہ دل کا آنگن، چور (شیطان) کا حملہ آنگن (سینہ) سے شروع
- ❑ اگر دل اللہ کے ذکر سے زندہ اور مضبوط ہو تو شیطان پیچھے ہٹ جاتا ہے۔ ورنہ انسان اس کے حملے کی زد میں آکر گناہ کرتا ہے اور اس کا دل سیاہ ہونے لگتا ہے
- ❑ قرآن کریم: "شِفَاءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ" (یونس:57)

جناتی اور انسانی شیطان

مِنَ الْجِنَّۃِ	وَالنَّاسِ.
جنوں میں سے	اور انسانوں میں سے

جناتی شیطان: ہر ایک کے ساتھ ایک جن (شیطان) ہے، وہ ایک بدترین بدمعاش دشمن کی طرح مسلسل حملے کرنے کی کوشش میں ہے۔ اپنے جن کی موجودگی کا احساس رکھیے۔

انسانی شیطان: انسانی شیطان کون؟؟؟ ہر وہ دوست یا گروپ جہاں اسلام کے بارے میں شکوک والی یا گناہوں پر اکسانے کی بات ہوتی ہو، وہ شیطانوں کی مجلس ہے۔ کیا ہمارا میڈیا، ٹی وی، انٹرنیٹ، اخبارات، رسالے ان سے بھرے ہوئے نہیں؟ ایسے انسانوں سے بھی اللہ کی پناہ مانگنی چاہیے۔

نظامِ تعلیم اور نظامِ معیشت کو بگاڑنے والے

- ❑ ہمارا نظام تعلیم جو غیروں کے طرز پر کام کر رہا ہے، جس میں فطرت (nature) کو اور ڈارون کو زیادہ اہمیت ہے، جس میں سائنس خدا ہے اور خدا کا کوئی رول نہیں! مسلسل کام کر کے ہمارے بچوں کو دہریے بنا رہا ہے!
- ❑ معاشیات کے میدان میں بے شمار لوگ ملیں گے جو کہیں گے کہ اس دور میں سود کے بغیر کام نہیں ہو سکتا، یا آیئے! شیئر مارکیٹ میں بغیر کسی تمیز کے حصّے لیجیے۔ شیطانی معاشیات کے طاقتور ڈھانچے، طاقتور بینکس اور حکومتیں اور ان کے پیچھے بڑے بڑے اسکالرز!!

پڑھنے کی ترتیب ...... ☜ ...... دائیں سے بائیں

مِنَ الْجِنَّةِ	وَالنَّاسِ.
جنوں میں سے	اور انسانوں میں سے

ترقی یافتہ برقی شیطان: پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا

- مغرب زدہ میڈیا غیر محسوس طریقہ پر اسلامی قدروں پر حملے کرتا رہتا ہے۔
- Entertainment industry کا اکثر حصّہ طرح طرح سے، کبھی فیشن، کبھی صحت، کبھی تعلیم اور اکثر اوقات تفریح کے نام پر اسلامی اقدار کو، خصوصاً شرم وحیا کے احساس کو ہمارے معاشرے سے آہستہ آہستہ ختم کرنا چاہتا ہے۔

اس کے شر سے بچنے کی تدابیر کیجیے: دینی تعلیم، علماسے ربط، مشائخ کی صحبت

ایک دلچسپ تقابل

سورۃ الفلق

ایک صفت، 3 خاص شرور کا ذکر

ان کا نقصان: اکثر صرف دنیا ہی میں!

ایک صفت

رَبُّ الْفَلَقِ

تین شر

غَاسِق: اندھیرا

نفّٰثٰت: پھونکنے والی جادوگرنیاں

حَاسِد: حاسد

سورۃ الناس

3 صفت اور ایک شر کا ذکر

اس کا نقصان: زیادہ تر آخرت کا!

ایک شر

شیطانی وسواس

تین صفات

رَبِّ النَّاس: پرودگار

مَلِكِ النَّاس: بادشاہ

اِلٰهِ النَّاس: معبود

لیول I کا خلاصہ

کل اسباق	درکار گھنٹے
20	40

پہلے آٹھ اسباق	70 ضمائر (چار اسباق میں مذکر اور چار میں مؤنث کی ضمائر) pronouns
دوسرے آٹھ اسباق	6 گردانیں (ماضی مضارع، امر نہی، اسمِ فاعل اسمِ مفعول) Verb
اگلے دو اسباق	اسمائے اشارہ و اسمائے موصولہ demonstrative and Relative pronouns
آخری دو اسباق	پچھلے اسباق کا اعادہ Revision

”قرآنی عربی کورس“: ایک نظر میں

لیول:1	قواعد القرآن (ابتدائی)	Elementary
لیول:2	قواعد القرآن (ثانوی)	Intermediate
لیول:3	قواعد القرآن (اعلی)	Advance
معاون کتاب	الفاظ القرآن (قرآنی الفاظ کی انوکھی اور دلچسپ لغت)	vocabulary

لیول:3
اسباق:60
گھنٹے:120
مدت:6 مہینے

پڑھنے کی ترتیب...... دائیں سے بائیں

آخری نصیحت بلکہ وصیت

قرآن شریف کی صرف عربی گردان پڑھ لینا کافی نہیں، معنی سمجھنا بھی ضروری ہے.

صرف معنی یاد کر لینا کافی نہیں، اپنے کردار کو اس میں ڈھالنا بھی ضروری ہے.

خدارا! صرف لفظ و معنی تک محدود نہ رہیے، ہر گردان اور ہر آیت میں چھپے مفہوم کو اپنے نظریہ و کردار میں اتارنے کی کوشش کیجیے.

لفظوں کے شناور عمل کی دنیا میں پیچھے رہ گئے تو امت ترقی نہ کر سکے گی.